بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ [سورۃ القمر۱۷]

”اور یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کیلئے تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباح القرآن

﴿ وَلَوْ اَنَّنَا ⑧ ﴾

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بَیتُ القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ وَ لَوْ اَنَّنَا ﴾ پارہ نمبر 8
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
نظر ثانی	عبداللطیف حلیم
کمپوزنگ وڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران
ایڈیشن اول	جون 2007
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	35 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیتُ القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ ''بیت القرآن'' اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب پرنٹ شدہ ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. ''بیت القرآن'' کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ ''بیت القرآن'' کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوحِ محفوظ سے جبریل امینؑ کے ذریعے محمد رسولُ اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتابِ ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لئے تزکیۂ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیرِ دماغ کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالبِ ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسولُ اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علمُ الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم وتدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان وعمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب وسنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ ودو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک مؤقر اور مؤثر ادارہ ''بیت القرآن'' بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک ''مفتاح القرآن'' کی شکل میں جب کہ دوسرا ''مصباح القرآن'' کے رنگ میں موجود ہے۔

فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں کے حوالے سے پیش کر کے پھر انہیں رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روزمرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے مفتاح والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔

"مصباح القرآن" ترجمہ قرآن میں یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالبِ قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ مصباح میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں روزمرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعیّن کر دیئے ہیں تاکہ ایک استاد یا طالبِ قرآن اِن کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، یوں اس صفحے کے مقابل صفحہ پر پھر انہی تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔ میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں الجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہمِ قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامتہ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ وہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کے حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر

ڈائریکٹر: بیت الحکمت، لاہور، پاکستان

ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیرِ اہتمام گلبرگ لاہور میں مجھے قرآن فہمی کی کلاس لینے کا موقع ملا اور وہاں عربی گرامر پڑھانے کی ذمہ داری تفویض کی گئی، پڑھنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سرکاری محکموں کے آفیسرز، مختلف دفاتر میں کام کرنے والے اور طلبہ شامل تھے، ان میں عمر رسیدہ اصحاب بھی تھے اور نوجوان بھی، میری کوشش ہوتی کہ گرامر کو اس کی پیچیدگیوں سے دور کر کے آسان اور دلچسپ بنا کر پیش کیا جائے، اس کے باوجود لوگ کچھ عرصہ تو باقاعدگی سے حاضر رہتے، لیکن جب مشکل قواعد کا سلسلہ شروع ہو جاتا تو ایک ایک کر کے کم ہونے لگتے، ادھر میری خواہش یہ ہوتی کہ جو شخص قرآن فہمی کیلئے میری کلاس میں آیا ہے وہ کورس مکمل کر کے ہی جائے۔ اس احساس نے مجھے مسلسل غور و فکر کرنے پر مجبور کیے رکھا کہ قرآن فہمی کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ لوگ آخر تک کلاس میں دلچسپی سے شریک رہیں۔

آخر کار اللہ کے فضل و کرم سے مئی 1999ء میں میں نے گرامر کے ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیات تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں۔ اکثر الفاظ ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں، اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہونے کی وجہ سے یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ان تینوں قسموں کے الفاظ کی شناخت کراتا، الحمد للہ اس طریقۂ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم نے مجھے یہ مشورہ دیا کہ آپ جس طریقے سے ہمیں ترجمۂ قرآن پڑھاتے ہیں، اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ وہ عام لوگ بھی اس سے مستفید ہو سکیں جو آپ کی کلاس میں حاضر نہیں ہو سکتے، یا دوسرے شہروں میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اظہار

کیا کہ اس مقصد کیلئے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہوں، چنانچہ میرے اظہار آمادگی پر انہوں نے فوراً ایک کمپیوٹر اور ایک پرنٹر مہیا کر دیا، اس کیلئے ایک کمپوزر کی خدمات بھی حاصل کرلیں اور اپنے آفس میں ایک کمرہ اس کام کیلئے مخصوص کر دیا، اسی دوران قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہے، اس کے علاوہ ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا بھی شروع کیا جس میں اِن علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

الحمدللہ اس سلسلے کے آٹھویں پارے کا یہ پہلا ایڈیشن ہے جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے اسکی پروف ریڈنگ کے تقریباً آٹھ مراحل طے کئے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعوٰی نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔

آئندہ صفحہ پر اس ترجمۂ قرآن "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقے کو پیشِ نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

آخر میں استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہلِ خانہ اور اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے۔ آمین یارب العالمین!

عبدالرحمٰن طاہر
فاضل اسلامیہ یونیورسٹی مدینہ منورہ
مبعوث: وزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدّعوة والإرشاد، السعودية
استاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیش نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دومختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

وَ لَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ	اور اگر یقیناً ہم نازل کرتے اُن کی طرف فرشتے
وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ حَشَرْنَا	اور کلام کرتے اُن سے مردے اور ہم اکٹھا کر دیتے
عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا	اُن پر ہر چیز کو سامنے لاکر (پھر بھی) نہیں تھے
لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ	کہ وہ ایمان لاتے مگر یہ کہ اللہ چاہتا
وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿111﴾	اور لیکن اُن کے اکثر جہالت سے کام لیتے ہیں۔ ﴿111﴾
وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا	اور اسی طرح ہم نے بنا دیا ہر نبی کے لیے دشمن
شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ	شیطانوں کو انسانوں اور جنوں میں سے
يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ	دل میں ڈالتے ہیں اُن میں سے بعض بعض کی طرف
زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ	ملمع کی ہوئی بات دھوکہ دینے کے لیے
وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ	اور اگر چاہتا آپ کا رب (تو) نہ وہ کرتے اسے
فَذَرْهُمْ وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿112﴾	پس چھوڑ دو انہیں اور جو وہ جھوٹ گھڑتے ہیں۔ ﴿112﴾
وَ لِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ	اور تا کہ مائل ہو جائیں اُس کی طرف دل

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَزَّلْنَآ : نازل، نزول، منزّل من اللہ۔
اِلَيْهِمُ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
الْمَلٰٓئِكَةَ : ملائکہ، ملک الموت۔
كَلَّمَهُمُ : کلمہ، کلام، تکلم، کلمات۔
حَشَرْنَا : حشر، میدان محشر۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔
لِيُؤْمِنُوْٓا : امن، ایمان، مؤمن۔

يَّشَآءَ : مشیتِ الٰہی، ان شاء اللہ، ماشاء اللہ۔
يَجْهَلُوْنَ : جاہل، مجہول، جہالت۔
لِكُلِّ : کل نمبر، کل جہان، کلی طور پر / لہٰذا۔
عَدُوًّا : بغض وعداوت، اعداء۔
يُوْحِيْ : وحیٔ الٰہی، وحی متلوّ۔
الْقَوْلِ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
غُرُوْرًا : غرور، مغرور (تکبر کرنیوالا دھوکے میں ہوتا ہے)

وَ لَوْ	اَنَّنَا نَزَّلْنَآ ❶	اِلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةَ ❷	وَ كَلَّمَهُمُ	الْمَوْتٰى
اور اگر	یقیناً ہم نازل کرتے	اُن کی طرف	فرشتے	اور کلام کرتے اُن سے	مردے

وَ حَشَرْنَا	عَلَيْهِمْ	كُلَّ شَيْءٍ	قُبُلًا	مَّا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا ❸
اور ہم اکٹھا کر دیتے	اُن پر	ہر چیز کو	سامنے	نہیں	تھے وہ سب کہ ایمان لاتے

اِلَّآ اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ ❹	وَ لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	يَجْهَلُوْنَ ❹ (111)
مگر یہ کہ	اللہ چاہتا	اور لیکن	اُنکے اکثر	سب جہالت سے کام لیتے ہیں

وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ	عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ ❺	الْاِنْسِ	وَ الْجِنِّ
اور اسی طرح	ہم نے بنایا	ہر نبی کے لیے	شیطانوں کو دشمن	آدمیوں	اور جنوں (میں سے)

يُوْحِيْ ❹	بَعْضُهُمْ	اِلٰى بَعْضٍ	زُخْرُفَ الْقَوْلِ	غُرُوْرًا ط
دل میں ڈالتے ہیں	اُن میں سے بعض	بعض کی طرف	ملمع کی ہوئی بات	دھوکہ (دینے کے لیے)

وَ لَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	مَا	فَعَلُوْهُ ❻	فَذَرْهُمْ
اور اگر	چاہتا	آپ کا رب	(تو) نہ	وہ سب کرتے اُسے	پس چھوڑ دو انہیں

وَ مَا	يَفْتَرُوْنَ (112)	وَ لِتَصْغٰٓى ❼	اِلَيْهِ	اَفْـِٕدَةُ ❷
اور جو	وہ سب جھوٹ گھڑتے ہیں	اور تاکہ مائل ہو جائیں	اُس کی طرف	دل

ضروری وضاحت

❶ اَنَّنَا کے نَا اور نَزَّلْنَا کے نَا دونوں کا ترجمہ ہم ہے۔❷ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع مذکر کے لیے ہے۔
❸ كَانُوْا میں وْا اور لِيُؤْمِنُوْا میں وْا دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔❹ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❺ شیاطِیْنَ میں یْنَ جمع کی علامت نہیں بلکہ یْنَ اصل لفظ کا حصہ ہے۔❻ علامت وْا کے ساتھ جب کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔❼ علامت تَ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	اُن لوگوں کے جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر
وَ لِيَرْضَوْهُ وَ لِيَقْتَرِفُوْا	اور تا کہ وہ خوش ہوں اس سے اور تا کہ وہ کرتے رہیں
مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿113﴾	جو وہ کرنے والے ہیں۔ ﴿113﴾
اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا	تو کیا اللہ کے علاوہ میں تلاش کروں کوئی حاکم
وَّ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ	حالانکہ وہی ہے جس نے نازل کی تمہاری طرف
الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ	(یہ) کتاب تفصیل کے ساتھ،
وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	اور وہ لوگ (کہ) ہم نے دی انہیں کتاب،
يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ	وہ جانتے ہیں کہ بیشک وہ نازل شدہ ہے
مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ	آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿114﴾	تو آپ ہرگز نہ ہوں شک کرنیوالوں میں سے۔ ﴿114﴾
وَ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا	اور مکمل ہوئی آپ کے رب کی بات سچائی
وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ	اور عدل میں نہیں کوئی تبدیل کرنے والا اُسکی باتوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُؤْمِنُوْنَ	امن، ایمان، مؤمن۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
لِيَرْضَوْهُ	رضا، راضی، مرضی۔	بِالْحَقِّ	حق وصداقت، حق بات، حقیقت۔
فَغَيْرَ	غیر آباد، غیر مسلم، اغیار۔	تَمَّتْ	تتمہ، تمام، اتمام حجت۔
حَكَمًا	حاکم، حکومت، محکوم۔	صِدْقًا	صدق وصفا، صداقت، صادق وامین۔
اَنْزَلَ	نازل، نزول، منزل۔	عَدْلًا	عدل، عادل، عدالت۔
الْكِتٰبَ	کتاب، مکتوب، کتابت۔	مُبَدِّلَ	تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
مُفَصَّلًا	مفصل، تفصیل، تفصیلات۔	لِكَلِمٰتِهٖ	کلمہ، کلام، تکلم، کلمات۔

اَلَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ ❶	وَ	لِيَرْضَوْهُ ❷
اُن لوگوں کے جو	نہیں	وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	اور	تاکہ وہ سب خوش ہوں اس سے

وَ	لِيَقْتَرِفُوْا	مَا هُمْ	مُّقْتَرِفُوْنَ ❸ (113)	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ
اور	تاکہ وہ سب کرتے رہیں	جو وہ ہیں	سب کرنے والے	تو کیا اللہ کے علاوہ

اَبْتَغِيْ	حَكَمًا ❹	وَّ هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	اِلَيْكُمُ	الْكِتٰبَ
میں تلاش کروں	کوئی حاکم	حالانکہ وہی ہے	جس نے	نازل کی	تمہاری طرف	(یہ) کتاب

مُفَصَّلًا ؕ	وَ الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْلَمُوْنَ
تفصیل کے ساتھ	اور وہ لوگ جو (کہ)	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ سب جانتے ہیں

اَنَّهٗ	مُنَزَّلٌ ❺	مِّنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ	فَلَا تَكُوْنَنَّ ❻
کہ بیشک وہ	نازل شدہ ہے	آپ کے رب (کی طرف) سے	حق کے ساتھ	تو نہ آپ ہرگز ہوں

مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (114)	وَ	تَمَّتْ ❶	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
شک کرنے والوں میں سے	اور	مکمل ہوئی	بات	آپ کے رب کی

صِدْقًا	وَّعَدْلًا ؕ	لَا مُبَدِّلَ ❸❼	لِكَلِمٰتِهٖ ۚ
سچائی	اور عدل میں	کوئی نہیں تبدیل کرنے والا	اُس کی باتوں کو

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ وْا کے ساتھ جب کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے کوئی کیا گیا ہے۔ ❺ شروع میں "مُ" اور آر سے پہلے زبر ہو تو کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ نَّ فعل کے آخر میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿115﴾	اور وہی خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔ ﴿115﴾
وَ اِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ	اور اگر آپ اطاعت کریں اکثر کی جو زمین میں ہیں
يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	(تو) وہ آپ کو بہکا دیں گے اللہ کے راستے سے
اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ	نہیں وہ پیروی کرتے مگر (اپنے) گمان کی
وَ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿116﴾	اور نہیں ہیں وہ مگر اٹکل دوڑاتے۔ ﴿116﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ	بیشک آپ کا رب وہ خوب جانتا ہے جو بھٹکتا ہے
عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَ هُوَ اَعْلَمُ	اس کے راستے سے، اور وہ خوب جانتا ہے
بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿117﴾ فَكُلُوْا	ہدایت پانے والوں کو۔ ﴿117﴾ تو کھاؤ
مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	اس میں سے جو (کہ) نام لیا گیا ہو اللہ کا اُس پر
اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾	اگر ہو تم اُس کی آیات پر ایمان رکھنے والے۔ ﴿118﴾
وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا	اور کیا ہے تمہیں کہ نہ تم کھاؤ اس سے جو (کہ)
ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	ذکر کیا گیا ہو اللہ کا نام اُس پر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

السَّمِيْعُ : سمع وبصر، سماعت، سامعین۔
الْعَلِيْمُ : علم وعمل، معلوم، تعلیم، معلومات۔
تُطِعْ : اطاعت وفرمانبرداری، مطیع۔
اَكْثَرَ : اکثر، اکثریت، کثرت، کثیر۔
يُضِلُّوْكَ، يَّضِلُّ : ضلالت۔ (گمراہی)
يَّتَّبِعُوْنَ : تابع فرمان، متبع سنت، اتباع۔
الظَّنَّ : بدظن، سوئے ظن، ظنِ غالب۔

اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
سَبِيْلِهٖ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
فَكُلُوْا، تَاْكُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ/ماحول، ماتحت۔
ذُكِرَ : ذکر، اذکار، مذکور، تذکرہ۔
اسْمُ : اسم بامسمّٰی، اسم گرامی۔
عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

وَ	هُوَ السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ (115)	وَ اِنْ	تُطِعْ	اَكْثَرَ مَنْ
اور	وہی خوب سننے والا	خوب جاننے والا ہے	اور اگر	آپ اطاعت کریں	اکثر کی جو

فِي الْاَرْضِ	يُضِلُّوْكَ ❶	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ	اِنْ ❷
زمین میں ہیں	(تو) وہ سب آپ کو بہکا دیں گے	اللہ کے راستے سے	نہیں

يَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا الظَّنَّ	وَ اِنْ ❷	هُمْ اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ ❸ (116)
وہ سب پیروی کرتے	مگر (اپنے) گمان کی	اور نہیں ہیں	وہ سب مگر	سب اٹکل دوڑاتے

اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ ❹	مَنْ يَّضِلُّ ❸	عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ
بیشک	آپ کا رب	وہ خوب جانتا ہے	جو بھٹکتا ہے	اسکے راستے سے

وَ هُوَ	اَعْلَمُ ❹	بِالْمُهْتَدِيْنَ (117)	فَكُلُوْا	مِمَّا ❺	ذُكِرَ ❻
اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانیوالوں کو	تو تم سب کھاؤ	(اس میں) سے جو	ذکر کیا گیا ہو

اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ كُنْتُمْ	بِاٰيٰتِهٖ	مُؤْمِنِيْنَ (118)
اللہ کا نام	اُس پر	اگر ہو تم	اُسکی آیات پر	سب ایمان رکھنے والے

وَ مَا	لَكُمْ	اَلَّا ❼	تَاْكُلُوْا	مِمَّا ❺	ذُكِرَ ❻	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
اور کیا ہے	تمہارے لیے	یہ کہ نہ	تم سب کھاؤ	اس سے جو	ذکر کیا گیا	اللہ کا نام	اُس پر

ضروری وضاحت

❶ علامت وْا کے ساتھ کوئی اور علامت لگائی ہو تو "ا" گرا دیتے ہیں۔ ❷ علامت اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❸ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ یہاں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❺ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے مثلاً: کُتِبَ: فرض کیا گیا۔ قُتِلَ: قتل کیا گیا۔ ❼ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

وَ قَدْ فَصَّلَ	حالانکہ یقیناً اس نے تفصیل سے بیان کر دیا ہے
لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ	تمہارے لیے جو اس نے حرام کیا ہے تم پر
اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ	مگر جو (کہ) تم مجبور کر دیے جاؤ اُس کی طرف
وَ اِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ	اور بیشک بہت (سے لوگ) یقیناً گمراہ کرتے ہیں
بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ	اپنی خواہشات سے علم کے بغیر، بیشک آپ کا رب
هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿119﴾	وہ خوب جاننے والا ہے حد سے بڑھنے والوں کو۔ ﴿119﴾
وَ ذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَ بَاطِنَهٗ ؕ	اور چھوڑ دو ظاہر گناہ کو اور اُس کے چھپے ہوئے کو (بھی)
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ	بیشک وہ لوگ جو کماتے ہیں گناہ
سَيُجْزَوْنَ	عنقریب وہ بدلہ دیے جائیں گے
بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿120﴾	اس کا جو تھے وہ (گناہ) کرتے۔ ﴿120﴾
وَ لَا تَاْكُلُوْا مِمَّا	اور مت کھاؤ اس سے جو (کہ)
لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	نہ لیا گیا ہو اللہ کا نام اُس پر،

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَصَّلَ : تفصیل، مفصل، تفصیلات۔	عِلْمٍ، اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَرَّمَ : حرام، حلت وحرمت۔	ظَاهِرَ : ظاہر، ظاہری، ظہور، مظہر۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	بَاطِنَهٗ : ظاہر و باطن، خبث باطن۔
اضْطُرِرْتُمْ : اضطراری حالت، مضطر۔	يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، کسبی۔
اِلَيْهِ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔	سَيُجْزَوْنَ : جزاوسزا، جزائے خیر۔
كَثِيْرًا : کثیر، اکثر، کثرت۔	بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
لَّيُضِلُّوْنَ : ضلالت۔ (گمراہی)	تَاْكُلُوْا : اکل و شرب، مأکولات۔

وَ	قَدْ ❶	فَصَّلَ	لَكُمْ	مَّا	حَرَّمَ
حالانکہ	یقیناً	اس نے تفصیل سے بیان کردیا ہے	تمہارے لیے	جو	اس نے حرام کیا ہے

عَلَيْكُمْ	اِلَّا مَا	اضْطُرِرْتُمْ	اِلَيْهِ ؕ	وَ اِنَّ ❷	كَثِيْرًا
تم پر	مگر جو (کہ)	تم مجبور کردیے جاؤ	اُسکی طرف	اور بیشک	بہت (سے لوگ)

لَّيُضِلُّوْنَ ❸	بِاَهْوَآئِهِمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ	اِنَّ ❷	رَبَّكَ
یقیناً وہ سب گمراہ کرتے ہیں	اپنی خواہشات سے	علم کے بغیر	بیشک	آپ کا رب

هُوَ	اَعْلَمُ ❹	بِالْمُعْتَدِيْنَ (119)	وَ ذَرُوْا	ظَاهِرَ الْاِثْمِ
وہ	خوب جاننے والا ہے	سب حد سے بڑھنے والوں کو	اور سب چھوڑ دو	ظاہر گناہ کو

وَ	بَاطِنَهٗ ؕ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْسِبُوْنَ	الْاِثْمَ
اور	اُسکے چھپے ہوئے کو	بیشک	وہ لوگ جو	وہ سب کماتے ہیں	گناہ

سَيُجْزَوْنَ ❺	بِمَا	كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ❻ (120)	وَ
عنقریب وہ سب بدلہ دیے جائیں گے	(اس گناہ) کا جو	تھے وہ سب کرتے	اور

لَا تَاْكُلُوْا ❼	مِمَّا ❽	لَمْ يُذْكَرِ ❺❾	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
مت تم سب کھاؤ	(اس) سے جو (کہ)	نہ لیا گیا ہو	اللہ کا نام	اُس پر

ضروری وضاحت

❶ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❷ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❸ علامت "لَ" تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ❹ اَعْلَمُ میں "اَ" صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کر رہا ہے۔ ❺ علامت یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا اور کبھی کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❻ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❽ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❾ یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَ اِنَّ الشَّيٰطِيْنَ	اور بیشک وہ یقیناً نافرمانی ہے اور بیشک شیاطین
لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ	یقیناً ڈالتے ہیں اپنے دوستوں کی طرف (شبہات)
لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ	تا کہ وہ جھگڑا کریں تم سے،
وَ اِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ	اور اگر تم نے اطاعت کر لی انکی
اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿121﴾	(تو) بیشک تم یقیناً مشرک ہو گے۔ ﴿121﴾
اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ	اور کیا جو تھا مردہ پھر ہم نے زندہ کیا اُسے
وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ	اور ہم نے بنا دیا اُس کے لیے نور (کہ) وہ چلتا ہے
بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ	اسکے ساتھ لوگوں میں، اس کی طرح (ہوسکتا ہے) جو (کہ)
مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ	اسکی مثال (یہ ہے کہ) وہ اندھیروں میں ہے
لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ	(اور) نہیں ہے (وہ) نکلنے والا اُن سے
كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ	اسی طرح مزین کر دیا گیا کافروں کے لیے
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿122﴾	(وہ عمل) جو تھے وہ کرتے۔ ﴿122﴾

ع 14 / 11 / 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَفِسْقٌ : فسق و فجور، فاسق و فاجر۔	نُوْرًا : نور، نورانی، نورانیت (روشنی)۔
لَيُوْحُوْنَ : وحیٔ الٰہی، وحی متلوّ۔	بِهٖ : بالکل، بالمقابل، بالواسطہ۔
اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔	النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
لِيُجَادِلُوْكُمْ : جنگ وجدل، جدال۔	مَّثَلُهٗ : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
اَطَعْتُمُوْهُمْ : اطاعت و فرمانبرداری، مطیع۔	بِخَارِجٍ : خارج، خروج، اخراج، امور خارجہ۔
مَيْتًا : موت، اموات، میت۔	مِّنْهَا : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔
فَاَحْيَيْنٰهُ : موت و حیات، حیات جاودانی۔	يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔

وَ	اِنَّهٗ	لَفِسْقٌ ط ❶	وَ	اِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ
اور	بیشک وہ	یقیناً نافرمانی ہے	اور	بیشک	شیاطین

لَيُوْحُوْنَ ❶	اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِهِمْ	لِيُجَادِلُوْكُمْ ج ❷	وَ
یقیناً وہ سب ڈالتے ہیں	اپنے دوستوں کی طرف (شبہات)	تاکہ وہ سب جھگڑا کریں تم سے	اور

14 ع 11 1

اِنْ	اَطَعْتُمُوْهُمْ ❸	اِنَّكُمْ	لَمُشْرِكُوْنَ ❶ ع (121)	اَوَ	مَنْ
اگر	تم نے اطاعت کرلی انکی (تو)	بیشک تم	یقیناً سب مشرک ہو گے	اور کیا	جو

كَانَ	مَيْتًا	فَاَحْيَيْنٰهُ	وَ	جَعَلْنَا	لَهٗ	نُوْرًا
تھا	مردہ	پھر ہم نے زندہ کیا اُسے	اور	ہم نے بنادیا	اُس کے لیے	روشنی

يَّمْشِيْ	بِهٖ	فِي النَّاسِ	كَمَنْ	مَّثَلُهٗ ❹
(کہ) وہ چلتا ہے	اسکے ساتھ	لوگوں میں	اسکی طرح (ہے) جو (کہ)	اس کی مثال (یہ ہے کہ)

فِي الظُّلُمٰتِ ❺	لَيْسَ	بِخَارِجٍ ❻	مِّنْهَا ط	كَذٰلِكَ
وہ اندھیروں میں ہے	(اور) نہیں	(وہ) نکلنے والا	اُن سے	اسی طرح

زُيِّنَ ❼	لِلْكٰفِرِيْنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❽ (122)
مزین کردیا گیا	سب کافروں کے لیے	جو	تھے وہ سب عمل کرتے

ضروری وضاحت

❶ الفاظ کے شروع میں علامت لَ تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ❷ وْا کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ علامت تُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آجائے تو تُمْ اور اُسکے درمیان "وْ" کا اضافہ کرتے ہیں۔ ❹ مَثَلُهٗ سے مراد "اس کا حال" ہے۔ ❺ علامت ات مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِیْ كُلِّ قَرْیَةٍ	اور اسی طرح ہم نے بنا دیا ہر بستی میں
اَكٰبِرَ مُجْرِمِیْهَا	بڑے (لوگوں) کو جرائم کرنے والے اس (بستی) کے
لِیَمْكُرُوْا فِیْهَا ؕ	تا کہ وہ مکر و فریب کریں اس میں،
وَ مَا یَمْكُرُوْنَ اِلَّا	اور نہیں وہ مکر و فریب کرتے مگر
بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا یَشْعُرُوْنَ ﴿123﴾	اپنے نفسوں سے اور وہ شعور نہیں رکھتے۔ ﴿123﴾
وَ اِذَا جَآءَتْهُمْ اٰیَةٌ	اور جب آئے ان کے پاس کوئی نشانی
قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰی	(تو) کہتے ہیں ہرگز نہیں ہم مانیں گے یہاں تک کہ
نُؤْتٰی مِثْلَ مَآ اُوْتِیَ	ہمیں دیا جائے اسکی مثل جو دیا گیا
رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ	اللہ کے رسولوں کو، اللہ کو خوب معلوم ہے
حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَیُصِیْبُ	جہاں وہ رکھے اپنی رسالت، عنقریب پہنچے گی
الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ	اُن لوگوں کو جنھوں نے جرم کیے ذلت
عِنْدَ اللّٰهِ وَ عَذَابٌ شَدِیْدٌ	اللہ کے ہاں اور سخت عذاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِیْ : فی الحال، فی الوقت، فی الفور۔	یَشْعُرُوْنَ : باشعور، عقل وشعور، شعوری طور پر۔
كُلِّ : کل نمبر، کلی طور پر، بالکل۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
قَرْیَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔	نُّؤْمِنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
مُجْرِمِیْهَا، اَجْرَمُوْا : جرم، مجرم۔	حَتّٰی : حتی الامکان، حتی الوسع، حتی کہ۔
لِیَمْكُرُوْا : مکر وفریب، مکار۔	مِثْلَ : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بِاَنْفُسِهِمْ : نفسا نفسی، نفسانی، نفسیات۔	عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ ❶	اَكٰبِرَ	مُجْرِمِيْهَا
اوراسی طرح	ہم نے بنادیا	ہر بستی میں	بڑے (لوگوں) کو	جرائم کرنیوالے اس (بستی) کے

لِيَمْكُرُوْا	فِيْهَا ؕ	وَ مَا ❷	يَمْكُرُوْنَ	اِلَّا	بِاَنْفُسِهِمْ
تاکہ وہ سب مکروفریب کریں	اس میں	اورنہیں	وہ سب مکروفریب کرتے	مگر	اپنے نفسوں سے

وَ مَا	يَشْعُرُوْنَ (123)	وَ اِذَا	جَآءَتْهُمْ ❸	اٰيَةٌ ❶	قَالُوْا
اورنہیں	وہ سب شعور رکھتے	اور جب	آئے ان کے پاس	کوئی نشانی	(تو) سب کہتے ہیں

لَنْ	نُّؤْمِنَ	حَتّٰى	نُؤْتٰى	مِثْلَ مَآ	اُوْتِيَ ❹
ہرگزنہیں	ہم مانیں گے	یہاں تک کہ	ہمیں دیا جائے	(اسکی) مثل جو	دیا گیا

رُسُلُ اللّٰهِ ؕ	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ ❺	حَيْثُ	يَجْعَلُ
اللہ کے رسولوں کو	اللہ	خوب جانتا ہے	جہاں	وہ رکھے

رِسَالَتَهٗ ؕ	سَيُصِيْبُ ❻	الَّذِيْنَ	اَجْرَمُوْا
اپنی رسالت	عنقریب پہنچے گی	اُن لوگوں کو جن	سب نے جرم کیے

صَغَارٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌۢ
ذلت	اللہ کے پاس	اور	عذاب	سخت

ضروری وضاحت

❶ ةٌ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❷ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہے تو اس مَا کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔❸ علامت تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔❺ اَعْلَمُ میں "اَ" صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کرتا ہے، اس لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔❻ یہاں علامت يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿124﴾	اس وجہ سے جو تھے وہ مکروفریب کرتے ۔ ﴿124﴾
فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ	پھر جسے اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہدایت دے اُسے
يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ	(تو) کھول دیتا ہے اُس کا سینہ اسلام کے لیے
وَ مَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ	اور جسے وہ چاہتا ہے کہ گمراہ کردے اُسے (تو)
يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا	کر دیتا ہے اس کے سینے کو تنگ ، بہت گھٹا ہوا
كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ	گویا کہ وہ چڑھ رہا ہے آسمان میں ،
كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ	اسی طرح ڈالتا ہے اللہ گندگی کو
عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿125﴾	اُن لوگوں پر جو نہیں ایمان لاتے ۔ ﴿125﴾
وَ هٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ	اور یہ آپ کے رب کا راستہ ہے سیدھا
قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ	بلاشبہ ہم نے کھول کر بیان کردی ہیں آیات
لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿126﴾	(اس) قوم کے لیے (جو کہ) نصیحت حاصل کرتے ہیں ۔ ﴿126﴾
لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ	اُن کے لیے سلامتی کا گھر ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَمْكُرُوْنَ : مکروفریب ، مکار ۔

يُّرِدِ : ارادہ ، مرید ، مراد ۔

يَّهْدِيَهٗ : ہادی ، ہدایت ، مہدی ۔

يَشْرَحْ : شرح صدر ، انشراح صدر ، تشریح ۔

صَدْرَهٗ : شقِ صدر ، صدر مقام ، صدرِ مملکت ۔

ضَيِّقًا : ضیق النفس ، مضائقہ ۔

حَرَجًا : حرج کی بات ، کوئی حرج نہیں ۔

عَلَى : علیحدہ ، علی الاعلان ، علی العموم ۔

يُؤْمِنُوْنَ : امن ، ایمان ، مؤمن ۔

هٰذَا : ہٰذا من فضل ربی ، لہٰذا ۔

صِرَاطُ : پل صراط ، صراط مستقیم ۔

مُسْتَقِيْمًا : خط مستقیم ، استقامت ۔

فَصَّلْنَا : مفصل ، تفصیل ، تفصیلات ۔

دَارُ : دارالخلافہ ، دارالحکومت ، دارارقم ۔

بِمَا	كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ❶ (124)	فَمَنْ	يُّرِدِ ❷	اللّٰهُ
اس وجہ سے جو	تھے وہ سب مکروفریب کرتے	پھر جسے	چاہتا ہے	اللہ تعالیٰ

اَنْ	يَّهْدِيَهٗ	يَشْرَحْ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ	وَ مَنْ
کہ	وہ ہدایت دے اُسے (تو)	وہ کھول دیتا ہے	اُس کا سینہ	اسلام کے لیے	اور جسے

يُّرِدْ	اَنْ يُّضِلَّهٗ	يَجْعَلْ	صَدْرَهٗ	ضَيِّقًا	حَرَجًا
وہ چاہتا ہے	کہ وہ گمراہ کردے اُسے	(تو) وہ کردیتا ہے	اس کے سینے کو	تنگ	بہت گھٹا ہوا

كَاَنَّمَا ❸	يَصَّعَّدُ	فِي السَّمَآءِ ؕ	كَذٰلِكَ
گویا کہ	وہ چڑھ رہا ہے	آسمان میں	اسی طرح

يَجْعَلُ اللّٰهُ ❷	الرِّجْسَ	عَلَى الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❹ (125)
ڈالتا ہے اللہ	گندگی کو	اُن لوگوں پر جو	نہیں وہ سب ایمان لاتے

وَ	هٰذَا	صِرَاطُ	رَبِّكَ	مُسْتَقِيْمًا ؕ	قَدْ ❺	فَصَّلْنَا ❻
اور	یہ	راستہ ہے	آپ کے رب کا	سیدھا	بلاشبہ	ہم نے کھول کر بیان کردی ہیں

الْاٰيٰتِ ❼	لِقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ ❷ (126)	لَهُمْ	دَارُ	السَّلٰمِ
آیات	(اس) قوم کے لیے	(جو) سب نصیحت حاصل کرتے ہیں	اُن کے لیے	گھر ہے	سلامتی کا

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ كَاَنَّ کا ترجمہ گویا کہ ہوتا ہے، اگر اسی کے ساتھ مَا لگ جائے تو اس میں "گویا کہ یوں ہی ہے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد اگر فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❻ نَا سے پہلے جزم ہو تو اس کا ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❼ علامت ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ هُوَ وَلِيُّهُمْ	اُن کے رب کے پاس اور وہ اُن کا دوست ہے
بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿127﴾	اس وجہ سے جو وہ اعمال کرتے تھے۔ ﴿127﴾
وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ	اور جس دن وہ اکٹھا کرے گا اُن سب کو
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ	(تو کہے گا) اے جنوں کے گروہ! یقیناً
اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ	تم نے بہت زیادہ (گمراہ) کیے ہیں انسانوں میں سے
وَ قَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ	اور کہیں گے اُن کے دوست انسانوں میں سے
رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا	اے ہمارے رب! فائدہ اٹھایا ہم میں سے بعض نے
بِبَعْضٍ وَّ بَلَغْنَآ اَجَلَنَا	بعض سے اور ہم پہنچ گئے اپنے اس وقت کو
الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ	جو تو نے مقرر کیا تھا ہمارے لیے
قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ	(اللہ) فرمائے گا آگ (ہی) تمہارا ٹھکانا ہے،
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں مگر جو اللہ چاہے گا
اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿128﴾	بیشک آپ کا رب خوب حکمت والا، خوب علم والا ہے۔ ﴿128﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عِنْدَ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
وَلِيُّهُمْ، اَوْلِيٰٓؤُ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔	مِّنَ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
يَعْمَلُوْنَ : عمل، معمول، تعمیل۔	اسْتَمْتَعَ : مال و متاع، متاع کارواں۔
يَوْمَ : یوم، یوم آزادی، یوم پاکستان، ایام۔	بَلَغْنَآ : ابلاغ، بالغ، بلوغت۔
يَحْشُرُهُمْ : حشر، روز محشر۔	اَجَلَنَا، اَجَّلْتَ : اجل مقرر، مہر موجل۔
جَمِيْعًا : جمع، جمیع، جماعت، اجتماع۔	خٰلِدِيْنَ : خالد، خلدِ بریں۔
اسْتَكْثَرْتُمْ : کثیر، اکثر، اکثریت، کثرت۔	حَكِيْمٌ : حکیم، حکمت، حکیم الامت۔

عِنْدَ رَبِّهِمْ	وَ هُوَ	وَلِيُّهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❶ (127)
اُنکے رب کے پاس	اور وہ	اُنکا دوست ہے	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب عمل کرتے

وَ يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا ج	يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ ❷	قَدِ ❸
اور جس دن	وہ اکٹھا کرے گا اُنہیں	سب کو (تو کہے گا)	اے جنوں کے گروہ!	یقیناً

اسْتَكْثَرْتُمْ ❹	مِّنَ الْاِنْسِ ج	وَ قَالَ	اَوْلِيٰٓؤُهُمْ
تم نے بہت زیادہ (گمراہ) کرنا چاہا	انسانوں میں سے	اور کہیں گے	اُن کے دوست

مِّنَ الْاِنْسِ	رَبَّنَا	اسْتَمْتَعَ ❹	بَعْضُنَا	بِبَعْضٍ
انسانوں میں سے	اے ہمارے رب!	فائدہ حاصل کیا	ہم میں سے بعض نے	بعض سے

وَّ بَلَغْنَآ	اَجَلَنَا	الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ	لَنَا ❺ ط	قَالَ
اور ہم پہنچ گئے	اپنے (اس) وقت کو	جو تو نے مقرر کیا تھا	ہمارے لیے	(اللہ) فرمائے گا

النَّارُ	مَثْوٰىكُمْ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اِلَّا مَا
آگ ہی	تمہارا ٹھکانا ہے	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	مگر جو

شَآءَ اللّٰهُ ط	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ ❻	عَلِيْمٌ ❻ (128)
چاہے اللہ	بیشک	آپ کا رب	خوب حکمت والا	خوب علم والا ہے

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ قرآن مجید میں بہت سی جگہ "ا" کی بجائے کھڑی زبر کا استعمال ہوا ہے، یہاں بھی يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ تھا جسے کھڑی زبر کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ ❸ قَدْ تاکید کے لیے آتا ہے۔ ❹ فعل کے شروع میں علامت استَ میں طلب اور چاہت کا مفہوم ہوتا ہے، اس سے مراد فائدہ چاہا ہے۔ ❺ لَنَا میں لَ اصل میں لِ تھا جسکا ترجمہ لیے ہوتا تھا، نَا کے ساتھ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا ہے۔ ❻ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے

ع 15/8/2

وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ	اور اسی طرح ہم مسلط کر دیتے ہیں بعض ظالموں کو
بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ع ﴿129﴾	بعض پر اس وجہ سے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ع ﴿129﴾
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ	اے جنوں اور انسانوں کے گروہ!
اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ	کیا نہیں آئے تمہارے پاس رسول تم میں سے
يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ	(جو) بیان کرتے تھے تم پر میری آیتیں
وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ	اور ڈراتے تھے تمہیں تمہارے اس دن کی ملاقات سے
قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰۤى اَنْفُسِنَا	وہ کہیں گے ہم گواہی دیتے ہیں اپنے آپ پر
وَ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اور دھوکہ دیا انہیں دنیوی زندگی نے
وَ شَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ	اور وہ گواہی دیں گے اپنے نفسوں کے خلاف
اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿130﴾	کہ بیشک وہ کافر تھے۔ ﴿130﴾
ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ	یہ (اس لیے) کہ نہیں ہے آپ کا رب
مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ	ہلاک کرنے والا بستیوں کو ظلم کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔	لِقَآءَ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔	يَوْمِكُمْ : یوم، یوم آزادی، یوم پاکستان، ایام۔
يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، کسبی۔	هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا۔
رُسُلٌ : رسول، مرسل، رسالت۔	الْحَيٰوةُ : حیات بعد الموت، حیات جاودانی۔
مِّنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم، من وعن۔	اَنْفُسِنَا : نفسا نفسی، نفسیات۔
يَقُصُّوْنَ : قصہ گوئی، قصہ کہانی۔	شَهِدْنَا، شَهِدُوْا : شاہد، شہید، شہادت۔
غَرَّتْهُمُ : غرور، مغرور۔	مُهْلِكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک ہتھیار۔

ع 15 8 2

وَكَذٰلِكَ	نُوَلِّيْ	بَعْضَ	الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضًا	بِمَا
اور اسی طرح	ہم مسلط کر دیتے ہیں	بعض	ظالموں کو	بعض پر	اس وجہ سے جو

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ❶ ع (129)	يٰمَعْشَرَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اَلَمْ
تھے وہ سب کمایا کرتے	اے گروہ!	جنوں کے	اور انسانوں کے	کیا نہیں

يَاْتِكُمْ ❷	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ
آئے تمہارے پاس	رسول	تم میں سے	وہ سب بیان کرتے تھے	تم پر	میری آیتیں

وَ	يُنْذِرُوْنَكُمْ	لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ هٰذَا ط	قَالُوْا
اور	وہ سب ڈراتے تھے تمہیں	ملاقات (سے)	تمہارے اس دن کی	وہ سب کہیں گے

شَهِدْنَا	عَلٰٓى اَنْفُسِنَا	وَغَرَّتْهُمُ ❸	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ❸	وَ
ہم گواہی دیتے ہیں	اپنے آپ پر	اور دھوکہ دیا انہیں	دنیوی زندگی نے	اور

شَهِدُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ❹	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ❺ (130)	ذٰلِكَ ❻
وہ سب گواہی دینگے	اپنے نفسوں کے خلاف	کہ بیشک وہ	تھے سب کفر کرنیوالے	یہ (اس لیے)

اَنْ لَّمْ	يَكُنْ ❷	رَّبُّكَ	مُهْلِكَ ❼	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ
کہ نہیں	ہے	آپ کا رب	ہلاک کرنے والا	بستیوں کو	ظلم کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❷ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ علامت تْ اور ةُ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ عَلٰى کا اصل ترجمہ پر ہوتا ہے کبھی اس کا ترجمہ کے خلاف بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❺ علامت وْا اور يْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❻ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔ ❻ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿131﴾	اس حال میں کہ اس کے باشندے بے خبر ہوں۔ ﴿131﴾
وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا	اور ہر ایک کے لیے (مختلف) درجے ہیں (اس وجہ) سے جو
عَمِلُوْا ؕ وَ مَا رَبُّكَ	انہوں نے عمل کیے اور نہیں ہے آپ کا رب
بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿132﴾	بے خبر اس سے جو وہ کر رہے ہیں۔ ﴿132﴾
وَ رَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ	اور آپ کا رب ہی بے پروا، رحمت والا ہے
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ	اگر وہ چاہے لے جائے تمہیں
وَ يَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ	اور جانشین بنا دے تمہارے بعد
مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ	جسے چاہے جیسا کہ اُس نے پیدا کیا تمہیں
مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿133﴾ ؕ	دوسرے لوگوں کی اولاد سے۔ ﴿133﴾
اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ	بیشک جس (چیز) کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے
لَاٰتٍ ۙ وَّ مَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿134﴾	ضرور آنیوالی ہے اور نہیں ہو تم عاجز کر دینے والے۔ ﴿134﴾
قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا	کہہ دیجیے اے میری قوم! تم عمل کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- اَهْلُهَا : اہل وعیال، اہلیہ، اہل خانہ۔
- غٰفِلُوْنَ، بِغَافِلٍ : غافل، غفلت۔
- مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ/ماحول، ماتحت۔
- عَمِلُوْا : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
- الْغَنِيُّ : غنی و بے پروا۔
- ذُو : ذوالجلال، ذوالجناح، ذو اضعاف اقل۔
- يَّشَاْ : مشیت، ان شاء اللہ۔
- يَسْتَخْلِفْ : خلیفہ، خلافت، خلف الرشید، ناخلف۔
- كَمَآ : کماحقہ۔
- اَنْشَاَكُمْ : نشوونما۔
- ذُرِّيَّةِ : ذریتِ آدم۔
- تُوْعَدُوْنَ : وعدہ، وعید۔
- بِمُعْجِزِيْنَ : عاجز آنا، معجزہ۔
- قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔

وَ اَهۡلُهَا	غٰفِلُوۡنَ (131)	وَ لِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ ❶	مِّمَّا ❷
اس حال میں کہ اسکے باشندے	سب بے خبر ہوں	اور ہر ایک کے لیے	درجے ہیں	اس وجہ سے جو

عَمِلُوۡا	وَ مَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ ❸	عَمَّا ❹	يَعۡمَلُوۡنَ (132)
ان سب نے عمل کیے	اور نہیں ہے	آپ کا رب	بے خبر	اس سے جو	وہ سب کر رہے ہیں

وَ رَبُّكَ	الۡغَنِىُّ	ذُو الرَّحۡمَةِ ❶ ؕ	اِنۡ	يَّشَاۡ
اور آپ کا رب (ہی)	بے پروا	رحمت والا ہے	اگر	وہ چاہے

يُذۡهِبۡكُمۡ	وَ يَسۡتَخۡلِفۡ	مِنۡۢ بَعۡدِكُمۡ ❺	مَّا
وہ لے جائے تمہیں	اور وہ جانشین بنا دے	تمہارے بعد	جسے

يَشَآءُ	كَمَآ	اَنۡشَاَكُمۡ ❻	مِّنۡ ذُرِّيَّةِ ❶	قَوۡمٍ اٰخَرِيۡنَ ❼ (133)
وہ چاہے	جس طرح	اُس نے پیدا کیا تمہیں	اولاد سے	دوسرے لوگوں کی

اِنَّ مَا	تُوۡعَدُوۡنَ	لَاٰتٍ	وَّ مَآ	اَنۡتُمۡ
بیشک جس (چیز) کا	تم سب سے وعدہ کیا جا رہا ہے	ضرور آنے والی ہے	اور نہیں (ہو)	تم

بِمُعۡجِزِيۡنَ ❸ (134)	قُلۡ	يٰقَوۡمِ ❽	اعۡمَلُوۡا
سب عاجز کر دینے والے	کہہ دیجیے	اے میری قوم!	تم سب عمل کرو

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ مِمَّا دراصل مِنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں بِ آ رہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ عَمَّا دراصل عَنۡ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❺ مِنۡ کے بعد اگر لفظ بَعۡدِ موجود ہو تو اس مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❻ یہاں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❼ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❽ یہ اصل میں یَا قَوۡمِیۡ تھا تخفیف کے لیے ی گر گئی ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ	اپنی جگہ پر (اور) بیشک میں (بھی) عمل کرنیوالا ہوں
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ	تو عنقریب تم جان لوگے (اُسے) جو (کہ) ہے
لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ	اُس کے لیے اس گھر کا (اچھا) انجام
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿135﴾	یہ یقینی بات ہے کہ ظالم (کبھی) فلاح نہیں پاتے۔ ﴿135﴾
وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا	اور انہوں نے مقرر کیا ہے اللہ کے لیے اس سے جو
ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا	اس نے پیدا کیا ہے کھیتی اور چوپاؤں سے حصہ،
فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ	پھر انہوں نے کہا یہ اللہ کے لیے ہے
بِزَعْمِهِمْ	اُن کے خیال سے
وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ	اور یہ ہمارے شریکوں کے لیے ہے
فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ	پھر جو (حصہ) ہے اُن کے شرکاء (دیوتاؤں) کا
فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ	تو نہیں وہ پہنچتا اللہ کی طرف
وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ	اور جو (حصہ) ہے اللہ کا تو وہ پہنچ جاتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَكَانَتِكُمْ : زمان ومکان، مکانات۔	فَقَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ۔
عَامِلٌ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔	هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا۔
عَاقِبَةُ : عاقبت نااندیش، عقوبت خانہ۔	بِزَعْمِهِمْ : زعمِ باطل۔
الدَّارِ : دارالخلافہ، دارالسلام، دیارِ غیر۔	لِشُرَكَآئِنَا : شریک، شرکاء، مشرک۔
يُفْلِحُ : فوز وفلاح، فلاحی ادارے، فلاحی کام۔	فَلَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ / ماحول، ماتحت۔	يَصِلُ : وصل، وصول، موصول، وصال۔
نَصِيْبًا : نصیب اپنا اپنا۔	اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنِّىْ	عَامِلٌ ❶ ج	فَسَوْفَ ❷	تَعْلَمُوْنَ
اپنی جگہ پر (اور)	بیشک میں (بھی)	عمل کرنیوالا ہوں	تو عنقریب	تم سب جان لوگے

مَنْ تَكُوْنُ ❸	لَهٗ	عَاقِبَةُ ❸	الدَّارِ ط	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ ❹
(اُسے) جو (کہ) ہے	اُس کے لیے	(اچھا) انجام	گھر کا	یہ یقینی بات ہے کہ	نہیں فلاح پاتے

الظّٰلِمُوْنَ (135)	وَ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	مِمَّا ❺
سب ظلم کرنیوالے	اور	ان سب نے مقرر کیا ہے	اللہ کے لیے	اس سے جو

ذَرَاَ	مِنَ الْحَرْثِ	وَ الْاَنْعَامِ	نَصِيْبًا	فَقَالُوْا
اس نے پیدا کیا ہے	کھیتی سے	اور چوپاؤں (سے)	حصہ	پھر ان سب نے کہا

هٰذَا	لِلّٰهِ	بِزَعْمِهِمْ	وَ هٰذَا	لِشُرَكَآئِنَا ج
یہ	اللہ کے لیے ہے	اُنکے خیال سے	اور یہ	ہمارے شریکوں کے لیے ہے

فَمَا	كَانَ ❻	لِشُرَكَآئِهِمْ ❼	فَلَا	يَصِلُ	اِلَى اللّٰهِ ج
پھر جو	(حصہ) ہے	اُن کے شریکوں کا	تو نہیں	وہ پہنچتا	اللہ تک

وَ	مَا	كَانَ ❻	لِلّٰهِ	فَهُوَ يَصِلُ ❽
اور	جو (حصہ)	ہے	اللہ کا	تو وہ پہنچ جاتا ہے

ضروری وضاحت

❶ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ سَوْفَ جب فعل کے شروع میں ہوتو وہ اسے مستقبل کے ساتھ خاص کردیتا ہے۔ ❸ تـ اور ة واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ يَـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❻ كَانَ کا ترجمہ کبھی ہے اور کبھی تھا بھی کیا جاتا ہے۔ ❼ علامت هُمْ یا هِمْ اسم کے آخر میں ہوتو اس کا ترجمہ: اُن کا، اُنکی، اُنکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❽ علامت هُوَ اور "يـ" دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔

اِلٰی شُرَکَآىِٕهِمْ ؕ	اُن کے شریکوں (دیوتاؤں) کی طرف،
سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿136﴾	برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ ﴿136﴾
وَ كَذٰلِكَ زَیَّنَ	اور اسی طرح مزین بنا دیا
لِكَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ	بہت سے مشرکوں کے لیے
قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ	اپنی اولاد کو قتل کرنا اُن کے شریکوں نے
لِیُرْدُوْهُمْ وَ لِیَلْبِسُوْا	تا کہ وہ ہلاک کر دیں انہیں اور تا کہ وہ خلط ملط کر دیں
عَلَیْهِمْ دِیْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ	اُن پر اُن کا دین، اور اگر اللہ چاہتا
مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ	(تو) نہ کرتے وہ اسے، پس چھوڑ دو اُنہیں
وَ مَا یَفْتَرُوْنَ ﴿137﴾	اور جو وہ جھوٹ باندھتے ہیں۔ ﴿137﴾
وَ قَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ	اور انہوں نے کہا یہ چوپائے اور کھیتی
حِجْرٌ ۖۗ لَّا یَطْعَمُهَاۤ اِلَّا	ممنوع ہے نہیں کھا سکتا اُسے (کوئی) مگر
مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ	جسے ہم چاہیں گے اپنے خیال سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شُرَکَآىِٕهِمْ : شرک، شریک، شرکاء، مشرک۔	عَلَیْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
سَآءَ : علمائے سوء، سوءِ حفظ۔	شَآءَ : مشیتِ الٰہی، ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
یَحْكُمُوْنَ : حاکم، حکومت، محکوم۔	فَعَلُوْهُ : فعل، فاعل، مفعول۔
زَیَّنَ : زین، مزین، زینت۔	یَفْتَرُوْنَ : کذب و افترا، مفتری۔
لِكَثِیْرٍ : کثیر، کثرت، اکثریت۔	هٰذِهٖۤ : ہذا من فضل ربی، لہٰذا۔
قَتْلَ : قتل، قاتل، مقتول۔	یَطْعَمُهَاۤ : قیام و طعام، طعام کمیٹی۔
اَوْلَادِهِمْ : ولد، اولاد، مولود۔	بِزَعْمِهِمْ : زعم باطل، اپنے زعم میں پھرنا۔

اِلٰى شُرَكَآىِٕهِمْ ؕ ❶	سَآءَ	مَا	يَحْكُمُوْنَ (136)
اُن کے شریکوں (دیوتاؤں) تک	برا ہے	جو	وہ سب فیصلہ کرتے ہیں

وَ	كَذٰلِكَ	زَيَّنَ ❷	لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ
اور	اسی طرح	مزین بنا دیا	بہت سے مشرکوں کے لیے

قَتْلَ	اَوْلَادِهِمْ ❶	شُرَكَآؤُهُمْ ❶	لِيُرْدُوْهُمْ ❸❹
قتل کرنا	اپنی اولاد کو	اُن کے شریکوں نے	تاکہ وہ سب ہلاک کردیں اُنہیں

وَ لِيَلْبِسُوْا ❹	عَلَيْهِمْ	دِيْنَهُمْ ؕ ❶	وَ لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
اور تاکہ وہ سب خلط ملط کردیں	اُن پر	اُن کا دین	اور اگر	اللہ چاہتا (تو)

مَا فَعَلُوْهُ ❸	فَذَرْهُمْ ❺	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ (137)
نہ وہ سب کرتے اسے	پس چھوڑ دو اُنہیں	اور جو	وہ سب جھوٹ باندھتے ہیں

وَ	قَالُوْا	هٰذِهٖ	اَنْعَامٌ	وَّ حَرْثٌ	حِجْرٌ ۖق
اور	ان سب نے کہا	یہ	چوپائے	اور کھیتی	ممنوع ہے

لَّا	يَطْعَمُهَآ ❻	اِلَّا	مَنْ	نَّشَآءُ	بِزَعْمِهِمْ ❶
نہیں	کھا سکتا اُسے کوئی	مگر	جسے	ہم چاہیں گے	اپنے خیال سے

ضروری وضاحت

❶علامت هُمْ یا هِمْ اسم کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ: اُن کا، اُنکی، اُنکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷فعل کے درمیان شد میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آجائے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❹"لِ" اگر فعل کے شروع میں ہو تو ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے اور اگر اسم کے شروع میں ہو تو ترجمہ لیے کیا جاتا ہے۔ ❺ علامت هُمْ فعل کے آخر میں ہو تو اس کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا	اور کچھ چوپائے ہیں حرام کی گئی ہیں اُن کی پیٹھیں
وَ اَنْعَامٌ لَّا یَذْكُرُوْنَ	اور کچھ چوپائے ہیں (کہ) نہیں وہ ذکر کرتے
اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهَا افْتِرَآءً	اللہ کے نام کا اُن پر جھوٹ باندھتے ہوئے
عَلَیْهِ ؕ سَیَجْزِیْهِمْ	اُس پر، عنقریب وہ سزا دے گا انہیں
بِمَا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿138﴾	اس وجہ سے جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿138﴾
وَ قَالُوْا مَا فِیْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ	اور انہوں نے کہا جو پیٹوں میں ہے اِن چوپایوں کے
خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا	(وہ) خالص ہے (صرف) ہمارے مردوں کے لیے
وَ مُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَ اِنْ یَّكُنْ	اور حرام کیا ہوا ہے ہماری بیویوں پر اور اگر ہو وہ
مَّیْتَةً فَهُمْ فِیْهِ شُرَكَآءُ ؕ	مردہ تو وہ سب (مرد و عورتیں) اس میں شریک ہیں،
سَیَجْزِیْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ	عنقریب وہ بدلہ دے گا اُنہیں اُنکے (اس) بیان کا،
اِنَّهٗ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿139﴾	بیشک وہ بہت حکمت والا، خوب علم والا ہے۔ ﴿139﴾
قَدْ خَسِرَ الَّذِیْنَ	یقیناً خسارہ اٹھایا اُن لوگوں نے جنہوں نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حُرِّمَتْ، مُحَرَّمٌ : حلال وحرام، حلت وحرمت۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
یَذْكُرُوْنَ : ذکر، اذکار، مذکور، تذکرہ۔	لِّذُكُوْرِنَا : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
اسْمَ : اسمِ گرامی، اسم بامسمّٰی۔	اَزْوَاجِنَا : زوج، زوجہ، ازواج مطہرات۔
عَلَیْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	فِیْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
افْتِرَآءً : کذب و افترا، مفتری۔	وَصْفَهُمْ : وصف، اوصاف، موصوف۔
سَیَجْزِیْهِمْ : جزا و سزا، جزائے خیر۔	عَلِیْمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔	خَسِرَ : خائب و خاسر، خسارہ۔

وَ اَنۡعَامٌ ❶	حُرِّمَتۡ ❷	ظُهُوۡرُهَا	وَ اَنۡعَامٌ ❶	لَّا
اور کچھ چوپائے ہیں	حرام کی گئی ہیں	اُن کی پیٹھیں	اور کچھ چوپائے ہیں (کہ)	نہیں

يَذۡكُرُوۡنَ	اسۡمَ اللّٰهِ	عَلَيۡهَا	افۡتِرَآءً	عَلَيۡهِ ؕ
وہ سب ذکر کرتے	اللہ کا نام	اُن پر	جھوٹ باندھتے ہوئے	اُس پر

سَيَجۡزِيۡهِمۡ	بِمَا	كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ❸ (138)	وَ قَالُوۡا
عنقریب وہ سزا دے گا انہیں	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب جھوٹ باندھتے	اور ان سب نے کہا

مَا	فِيۡ بُطُوۡنِ	هٰذِهِ الۡاَنۡعَامِ ❶	خَالِصَةٌ ❹	لِّذُكُوۡرِنَا
جو	پیٹوں میں (ہے)	ان چوپایوں کے	(وہ) خالص ہے	ہمارے مردوں کے لیے

وَ مُحَرَّمٌ ❺	عَلٰۤى اَزۡوَاجِنَا ❻ ج	وَ اِنۡ	يَّكُنۡ	مَّيۡتَةً ❹
اور حرام کیا ہوا ہے	ہماری بیویوں پر	اور اگر	وہ ہو	مردہ

فَهُمۡ	فِيۡهِ	شُرَكَآءُ ؕ	سَيَجۡزِيۡهِمۡ	وَصۡفَهُمۡ ؕ
تو وہ سب	اس میں	شریک ہیں	عنقریب وہ سزا دے گا اُنہیں	اُنکے (اس) بیان کی

اِنَّهٗ	حَكِيۡمٌ ❼	عَلِيۡمٌ ❼ (139)	قَدۡ خَسِرَ	الَّذِيۡنَ
بیشک وہ	بہت حکمت والا	خوب علم والا ہے	یقیناً خسارہ اٹھایا	اُن لوگوں نے جن

ضروری وضاحت

❶ اَنۡعَامٌ "نَعَمٌ" کی جمع ہے، جسکا اصل ترجمہ اونٹ ہوتا ہے، البتہ یہ لفظ بھیڑ بکری اور گائے پر بھی بولا جاتا ہے۔
❷ تۡ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ وۡا اور وۡنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
❹ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔
❻ اَزۡوَاجٌ زَوۡجٌ کی جمع ہے، اس کا اصل ترجمہ جوڑا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ	قتل کیا اپنی اولاد کو بے وقوفی سے بغیر علم کے
وَّ حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ	اور انہوں نے حرام ٹھہرایا (اُسے) جو رزق دیا انہیں اللہ نے
افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا	جھوٹ باندھتے ہوئے اللہ پر، یقیناً وہ گمراہ ہو گئے
ع 16 11 3 وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿140﴾	اور نہ ہوئے ہدایت پانے والے۔ ﴿140﴾
وَ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ	اور (اللہ) وہی ہے جس نے باغات پیدا کیے
مَّعْرُوْشٰتٍ وَّ غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ	چھتریوں پر چڑھائے ہوئے اور نہ چڑھائے ہوئے
وَّ النَّخْلَ وَ الزَّرْعَ مُخْتَلِفًا	اور کھجور (کے درخت) اور کھیتی، مختلف ہیں
اُكُلُهٗ وَ الزَّيْتُوْنَ وَ الرُّمَّانَ	اسکے پھل (ذائقے میں) اور زیتون اور انار (بھی پیدا کیا)
مُتَشَابِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ	ملتے جلتے اور نہ ملتے جلتے
كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ	کھاؤ اس کے پھل سے جب وہ پھل دے
وَ اٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ	اور دو اس کا حق، اس کی کٹائی کے دن
وَ لَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ	اور نہ اسراف کرو، بیشک وہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَتَلُوْٓا : قتل، قاتل، مقتول۔
عِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
حَرَّمُوْا : حلال وحرام، حلت وحرمت۔
رَزَقَهُمْ : رزق، رزاق۔
افْتِرَآءً : کذب وافترا، مفتری۔
ضَلُّوْا : ضلالت۔ (گمراہی)
مُهْتَدِيْنَ : ہادی، ہدایت، مہدی۔

اَنْشَاَ : نشوونما۔
النَّخْلَ : نخلستان (کھجوروں کا علاقہ)
الزَّرْعَ : زراعت، زرعی اراضی۔
اُكُلُهٗ، كُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
مُتَشَابِهًا، مُتَشَابِهٍ : مشابہ، تشبیہ، مشابہت۔
ثَمَرِ، اَثْمَرَ : ثمر، ثمرہ۔
تُسْرِفُوْا : اسراف (فضول خرچی)۔

قَتَلُوْٓا	اَوْلَادَهُمْ ❶	سَفَهًا	بِغَيْرِ عِلْمٍ ❷	وَّ حَرَّمُوْا
سب نے قتل کیا	اپنی اولاد کو	بے وقوفی سے	علم کے بغیر	اور اُن سب نے حرام ٹھہرایا

مَا	رَزَقَهُمُ اللّٰهُ	افْتِرَآءً	عَلَى اللّٰهِ ؕ	قَدْ ضَلُّوْا
(اُسے) جو	رزق دیا انہیں اللہ نے	جھوٹ باندھتے ہوئے	اللہ پر	یقیناً وہ سب گمراہ ہوگئے

الربع ع 16 11 3

وَ مَا	كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ❸ ۧ (140)	وَ هُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	جَنّٰتٍ ❹
اور نہ	ہوئے سب ہدایت پانے والے	اور (اللہ) وہی ہے	جس نے	پیدا کیے	باغات

مَّعْرُوْشٰتٍ ❹	وَّ غَيْرَ	مَعْرُوْشٰتٍ ❹	وَّالنَّخْلَ	وَ الزَّرْعَ
(چھتریوں پر) چڑھائے ہوئے	اور نہ	چڑھائے ہوئے	اور کھجور (کے درخت)	اور کھیتی

مُخْتَلِفًا	اُكُلُهٗ ❺	وَ الزَّيْتُوْنَ	وَ الرُّمَّانَ	مُتَشَابِهًا ❻
مختلف ہیں	اسکے پھل	اور زیتون	اور انار (بھی پیدا کیے)	مشابہت رکھنے والے

وَّغَيْرَ	مُتَشَابِهٍ ❻ ؕ	كُلُوْا	مِنْ ثَمَرِهٖٓ ❺	اِذَآ اَثْمَرَ
اور نہ	مشابہت رکھنے والے	تم سب کھاؤ	اس کے پھل سے	جب وہ پھل دے

وَ اٰتُوْا	حَقَّهٗ ❺	يَوْمَ حَصَادِهٖ ❺	وَ	لَا تُسْرِفُوْا ❼ ؕ	اِنَّهٗ
اور تم سب دو	اس کا حق	اس کی کٹائی کے دن	اور	نہ تم سب اسراف کرو	بیشک وہ

ضروری وضاحت

❶ هُمْ اسم کے آخر میں ہوتو اس کا ترجمہ اُن کا، اُنکی، اُنکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ وْا اور يْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❹ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ علامت ”ہٗ اور ہٖ“ کا ترجمہ اُس کا، اس کی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❻ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہوتو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۙ﴿141﴾	اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔﴿141﴾
وَ مِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً	اور (پیدا کیے) چوپاؤں میں سے کچھ بوجھ اٹھانیوالے
وَّ فَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا	اور کچھ زمین سے لگے ہوئے، کھاؤ اس سے جو
رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَ لَا تَتَّبِعُوْا	رزق دیا تمہیں اللہ نے اور مت تم پیروی کرو
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ	شیطان کے قدموں کی
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿142﴾	بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔﴿142﴾
ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ	آٹھ قسمیں (پیدا کیں)، بھیڑ میں سے دو
وَ مِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ	اور بکری میں سے دو
قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ	کہو کیا دونوں نر اس (اللہ) نے حرام کیے ہیں؟
اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ	یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) کہ مشتمل ہیں اس پر
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ	دونوں ماداؤں کے رحم؟ خبر دو مجھے
بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۙ﴿143﴾	کسی علم کے ساتھ اگر ہو تم سچے۔﴿143﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔	مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طورہ پر۔
الْمُسْرِفِيْنَ : اسراف (فضول خرچی)۔	اثْنَيْنِ : ثانوی بورڈ، تعلیمی ثنویت، لاثانی۔
حَمُوْلَةً : حامل، حمل، حاملہ۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔
كُلُوْا : اکل و شرب، ماکولات۔	الذَّكَرَيْنِ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
مِمَّا (مِنْ+ما) : منجانب، من جملہ / ماحول، ماتحت۔	الْاُنْثَيَيْنِ : مؤنث، تانیث۔
تَتَّبِعُوْا : اتباع، متبع سنت۔	اشْتَمَلَتْ : شامل، بشمول، مشتمل، شمولیت۔
عَدُوٌّ : عداوت، عدو، اعداء۔	اَرْحَامُ : رحمِ مادر، صلہ رحمی، قطع رحمی۔

لَا يُحِبُّ ❶	الْمُسْرِفِيْنَ ﴿141﴾	وَ مِنَ الْاَنْعَامِ	حَمُوْلَةً ❷
نہیں پسند کرتا	اسراف کرنے والوں کو	اور (پیدا کیے) چوپاؤں میں سے	بوجھ اٹھانے والے

وَّ فَرْشًا ؕ	كُلُوْا ❸	مِمَّا ❹	رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	وَ
اور زمین سے لگے ہوئے	تم سب کھاؤ	اس سے جو	رزق دیا تمہیں اللہ نے	اور

لَا تَتَّبِعُوْا ❺	خُطُوٰتِ ❻ الشَّيْطٰنِ ؕ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿142﴾
مت تم سب پیروی کرو	شیطان کے قدموں کی	بیشک وہ	تمہارے لیے	کھلا دشمن ہے

ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ ۚ	مِنَ الضَّاْنِ	اثْنَيْنِ	وَ مِنَ الْمَعْزِ
(پیدا کیں) آٹھ	قسمیں	بھیڑ میں سے	دو	اور بکری میں سے

اثْنَيْنِ ؕ	قُلْ	ءٰٓ	الذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ
دو	آپ کہو	کیا	دونوں نر	اس نے حرام کیے ہیں	یا دونوں مادہ

اَمَّا	اشْتَمَلَتْ ❻	عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ ؕ
یا	وہ (بچہ کہ) مشتمل ہیں	اس پر	رحم	دونوں ماداؤں کے

نَبِّئُوْنِيْ ❼	بِعِلْمٍ ❽	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿143﴾
خبر دو مجھے	کسی علم کے ساتھ	اگر	ہو تم	سب سچے

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❸ یہ لفظ اَكَلَ سے بنا ہے شروع سے "أ" کو گرایا گیا ہے۔ ❹ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ ات، تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ مِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ	اور اونٹوں میں سے دو
وَ مِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ	اور گائیوں میں سے دو
قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ	کہو کیا اس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ؟
اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	یا وہ (بچہ) کہ مشتمل ہیں اس پر دونوں ماداؤں کے رحم
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ	یا تھے تم حاضر جب وصیت کی تھی تمہیں اللہ نے
بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ	اس کی؟ پس کون بڑا ظالم ہے اس سے جو
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	باندھے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ
لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ	تاکہ وہ گمراہ کرے لوگوں کو بغیر علم کے،
ع 17/4/4 اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿144﴾	بیشک اللہ (زبردستی) نہیں ہدایت دیتا ظالم قوم کو۔ ﴿144﴾
قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ	کہہ دیجیے نہیں میں پاتا اس میں جو وحی کی گئی ہے
اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ	میری طرف، کسی چیز کو حرام کسی کھانے والے پر
يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً	(کہ) وہ کھائے اسے مگر یہ کہ وہ ہو مردار

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبَقَرِ : عیدبقر، بقرمنڈی۔	وَصّٰىكُمُ : وصیت، وصیت نامہ۔
اثْنَيْنِ : ثانوی بورڈ، تعلیمی ثنویت، لاثانی۔	بِهٰذَا : ہٰذا من فضل ربی، لہٰذا، علیٰ ہٰذا القیاس۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ۔	افْتَرٰى : کذب وافترا، مفتری، افترا پردازی۔
الذَّكَرَيْنِ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔	كَذِبًا : کذب، کاذب، کذاب، تکذیب۔
الْاُنْثَيَيْنِ : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔	لِّيُضِلَّ : ضلالت (گمراہی)
اشْتَمَلَتْ : مشتمل، شامل، شمولیت۔	يَهْدِي : ہادی، ہدایت، مہدی۔
اَرْحَامُ : رحمِ مادر، قطع رحمی، صلہ رحمی۔	اَجِدُ : وجود، موجود، موجودہ حالات۔

وَ	مِنَ الْاِبِلِ ❶	اثْنَيْنِ ❷	وَ	مِنَ الْبَقَرِ ❶	اثْنَيْنِ ❷ ط	قُلْ
اور	اونٹوں میں سے	دو	اور	گائیوں میں سے	دو	کہو

ءٰ	الذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ ❷	اَمَّا	اشْتَمَلَتْ ❸
کیا	دونوں نر	اس نے حرام کیے ہیں	یا دونوں مادہ	یا	وہ (بچہ کہ) مشتمل ہیں

عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ ط	اَمْ كُنْتُمْ	شُهَدَآءَ	اِذْ وَصّٰكُمُ
اس پر	رحم	دونوں ماداؤں کے	یا تھے تم	حاضر	جب وصیت کی تھی تمہیں

اللّٰهُ	بِهٰذَا ج	فَمَنْ	اَظْلَمُ ❹	مِمَّنِ ❺	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
اللہ نے	اس کی	پس کون	بڑا ظالم ہے	اس سے جو	باندھے	اللہ تعالیٰ پر

كَذِبًا	لِّيُضِلَّ	النَّاسَ	بِغَيْرِ عِلْمٍ ❻ ط	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِى ❼
جھوٹ	تاکہ وہ گمراہ کرے	لوگوں کو	علم کے بغیر	بیشک اللہ	نہیں ہدایت دیتا

ع 17 4 4

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ع 144	قُلْ لَّآ	اَجِدُ	فِيْ مَآ	اُوْحِىَ	اِلَيَّ ❽
سب ظلم کرنیوالے لوگوں کو	کہہ دیجیے نہیں	میں پاتا	(اس) میں جو	وحی کی گئی ہے	میری طرف

مُحَرَّمًا ❾	عَلٰى طَاعِمٍ ❾	يَّطْعَمُهٗٓ	اِلَّآ اَنْ	يَّكُوْنَ	مَيْتَةً ❸
کوئی حرام کیا ہوا	کسی کھانے والے پر	(کہ) وہ کھائے اُسے	مگر یہ کہ	وہ ہو	مردار

ضروری وضاحت

❶ اَلْاِبِلِ اور اَلْبَقَرِ سے پوری جنس مراد ہے، اس لیے ترجمہ اونٹوں اور گائیوں کیا گیا ہے۔ ❷ اِثْنَيْنِ کا ترجمہ دو ہے اور اگر کسی لفظ کے آخر میں يْنِ ہو تو اس کا ترجمہ بھی دو کیا جاتا ہے۔ ❸ ة اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "أ" میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ❻ بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ اِلَيَّ دراصل اِلٰى + یْ کا مجموعہ ہے۔ ❾ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ	یا بہایا ہوا خون، یا سور کا گوشت
فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا	تو بیشک وہ ناپاک ہے، یا نافرمانی کا باعث ہو
اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ	(کہ) نام پکارا گیا ہو اس پر غیر اللہ کا، پھر جو مجبور کر دیا جائے
غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ	نہ بغاوت کرنے والا ہو اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا ہو
فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿145﴾	تو بیشک آپ کا رب بہت بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے ﴿145﴾
وَ عَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا	اور اُن لوگوں پر جو یہودی بن گئے
حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ	ہم نے حرام کر دیا ہے ہر (جانور) ناخن والا
وَ مِنَ الْبَقَرِ وَ الْغَنَمِ حَرَّمْنَا	اور گائیوں اور بکریوں میں سے ہم نے حرام کر دی ہیں
عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ	ان پر ان دونوں کی چربیاں مگر جو اٹھایا ہو
ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ	ان دونوں کی پیٹھوں نے یا انتڑیوں نے
اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ	یا جو ملی ہو ہڈی کے ساتھ
ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ	یہ ہم نے سزا دی انہیں اُن کی سرکشی کی وجہ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَحْمَ	: لحمیات، لحیم شحیم۔	عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فِسْقًا	: فسق و فجور، فاسق و فاجر۔	حَرَّمْنَا	: حلال و حرام، حلت و حرمت۔
لِغَيْرِ	: غیر آباد، غیر منقسم، غیر مسلم۔	ذِيْ	: ذی وقار، ذی شان، ذی روح۔
اضْطُرَّ	: مضطر، اضطراری حالت۔	مِنَ	: منجانب، من جملہ، من وعن۔
بَاغٍ، بِبَغْيِهِمْ	: باغی، بغاوت۔	حَمَلَتْ	: حامل، محمول، اسقاطِ حمل
لَا	: لاتعداد، لاتعلق، لامحدود۔	اخْتَلَطَ	: اختلاط، مخلوط، خلط ملط کرنا (ملانا)۔
غَفُوْرٌ	: استغفار، دعائے مغفرت۔	جَزَيْنٰهُمْ	: جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ۔

اَوْ	دَمًا	مَّسْفُوْحًا ❶	اَوْ	لَحْمَ	خِنْزِيْرٍ	فَاِنَّهٗ	رِجْسٌ
یا	خون	بہایا ہوا	یا	گوشت	سور کا	تو بے شک وہ	ناپاک ہے

اَوْ فِسْقًا	اُهِلَّ ❷	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ ج	فَمَنِ	اضْطُرَّ
یا نافرمانی کا باعث ہو	نام پکارا گیا ہو	غیر اللہ کا	اس پر	پھر جو	مجبور کر دیا جائے

غَيْرَ بَاغٍ	وَّلَا	عَادٍ	فَاِنَّ	رَبَّكَ	غَفُوْرٌ ❸
نہ بغاوت کرنیوالا ہو	اور نہ	حد سے تجاوز کرنیوالا ہو	تو بیشک	آپ کا رب	بہت بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ❸ (145)	وَ	عَلَى الَّذِيْنَ	هَادُوْا	حَرَّمْنَا ❹	كُلَّ
نہایت رحم والا ہے	اور	اُن پر جو	سب یہودی بن گئے	ہم نے حرام کر دیا	ہر

ذِيْ ظُفُرٍ ج	وَ	مِنَ الْبَقَرِ ❺	وَ الْغَنَمِ ❺	حَرَّمْنَا ❹	عَلَيْهِمْ
ناخن والا (جانور)	اور	گائیوں میں سے	اور بکریوں (میں سے)	ہم نے حرام کر دی ہیں	ان پر

شُحُوْمَهُمَآ	اِلَّا مَا	حَمَلَتْ ❻	ظُهُوْرُهُمَآ	اَوِ الْحَوَايَآ
ان دونوں کی چربیاں	مگر جو	اٹھایا ہو	ان دونوں کی پیٹھوں نے	یا انتڑیوں نے

اَوْ مَا	اخْتَلَطَ	بِعَظْمٍ ط	ذٰلِكَ ❼	جَزَيْنٰهُمْ ❹	بِبَغْيِهِمْ قف وقفة
یا جو	ملی ہو	ہڈی کے ساتھ	یہ	ہم نے سزا دی انہیں	اُنکی سرکشی کی وجہ سے

ضروری وضاحت

❶ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❺ اَلْبَقَر اور اَلْغَنَمِ سے پوری جنس مراد ہے، اس لیے ترجمہ گائیوں اور بکریوں کیا گیا ہے۔ ❻ علامت تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔

وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿146﴾	اور بے شک ہم یقیناً سچے ہیں۔ ﴿146﴾
فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ	پھر اگر وہ جھٹلائیں آپ کو تو کہہ دیجیے
رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ	تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے،
وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿147﴾	اور نہیں ہٹایا جاتا اس کا عذاب مجرم قوم سے ﴿147﴾
سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	عنقریب کہیں گے وہ لوگ جنھوں نے شرک کیا
لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا	اگر اللہ چاہتا تو ہم شریک نہ بناتے
وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَ لَا حَرَّمْنَا	اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم حرام کرتے
مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ	کوئی چیز، اسی طرح جھٹلایا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	اُن لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے
حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ	یہاں تک کہ انہوں نے چکھ لیا ہمارا عذاب
قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ	کہہ دیجیے کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے
فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ	تو نکالو اُسے ہمارے سامنے ؟

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَصٰدِقُوْنَ : صادق، تصدیق، مصدقہ ذرائع۔
كَذَّبُوْكَ، كَذَّبَ: کذب، کذاب، کاذب، تکذیب۔
فَقُلْ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
رَحْمَةٍ : رحمان، رحیم، رحمت، مرحوم۔
وَّاسِعَةٍ : وسیع وعریض، وسعت۔
يُرَدُّ : رد، تردید، مردود، مرتد، ارتداد۔
اَشْرَكُوْا، اَشْرَكْنَا : مشرک، شرک، شریک۔

شَآءَ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیتِ الٰہی۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔
قَبْلِهِمْ : قبل از نبوت، قبل از وقت۔
حَتّٰى : حتی الامکان، حتی الوسعت، حتی کہ۔
ذَاقُوْا : ذائقہ، ذوق۔
عِنْدَكُمْ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔
فَتُخْرِجُوْهُ : خارج، خروج، مخرج، امور خارجہ۔

وَ اِنَّا ❶	لَصٰدِقُوْنَ (146)	فَاِنْ	كَذَّبُوْكَ ❷	فَقُلْ
اور بیشک ہم	یقیناً سب سچے ہیں	پھر اگر	وہ سب جھٹلائیں آپ کو	تو کہہ دیجیے

رَبُّكُمْ	ذُوْ رَحْمَةٍ ❸	وَّاسِعَةٍ ج ❸	وَلَا	يُرَدُّ ❹	بَاْسُهٗ
تمہارا رب	رحمت والا ہے	وسیع	اور نہیں	ہٹایا جاتا	اس کا عذاب

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ❺ (147)	سَيَقُوْلُ ❹	الَّذِيْنَ
سب جرم کرنے والے لوگوں سے	عنقریب کہیں گے	وہ لوگ جن

اَشْرَكُوْا	لَوْ شَآءَ اللّٰهُ	مَآ اَشْرَكْنَا	وَلَآ	اٰبَآؤُنَا
سب نے شرک کیا	اگر اللہ چاہتا (تو)	نہ ہم شریک بناتے	اور نہ	ہمارے باپ دادا

وَلَا	حَرَّمْنَا	مِنْ شَيْءٍ ط ❻❼	كَذٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ
اور نہ	ہم حرام کرتے	کوئی چیز	اسی طرح	جھٹلایا	اُن لوگوں نے جو

مِنْ قَبْلِهِمْ	حَتّٰى	ذَاقُوْا	بَاْسَنَا ط	قُلْ
ان سے پہلے تھے	یہاں تک کہ	ان سب نے چکھ لیا	ہمارا عذاب	کہہ دیجیے

هَلْ	عِنْدَكُمْ	مِّنْ عِلْمٍ ❻❼	فَتُخْرِجُوْهُ ❷	لَنَا ط
کیا	تمہارے پاس ہے	کوئی علم	تو تم سب نکالو اُسے	ہمارے لیے

ضروری وضاحت

❶ اِنَّا اصل میں اِنَّنَا تھا، تخفیف کے لیے ایک "ن" گرادیا گیا ہے۔ ❷ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❸ ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے
❺ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

اِنۡ تَتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ	نہیں تم پیروی کرتے مگر گمان کی
وَ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا تَخۡرُصُوۡنَ ﴿148﴾	اور نہیں ہو تم مگر اٹکل دوڑاتے ۔ ﴿148﴾
قُلۡ فَلِلّٰهِ الۡحُجَّةُ الۡبَالِغَةُ ۚ	کہہ دیجیے پس اللہ ہی کے لیے کامل دلیل ہے
فَلَوۡ شَآءَ لَهَدٰىكُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿149﴾	پس اگر وہ چاہتا (تو) ضرور ہدایت دے دیتا تم سب کو ۔ ﴿149﴾
قُلۡ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيۡنَ	کہہ دیں لاؤ اپنے گواہوں کو جو
يَشۡهَدُوۡنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ	گواہی دیں کہ بیشک اللہ نے حرام کی ہیں یہ (چیزیں)
فَاِنۡ شَهِدُوۡا فَلَا تَشۡهَدۡ	پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو نہ آپ گواہی دیں
مَعَهُمۡ ۚ وَ لَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ	اُنکے ساتھ اور نہ آپ پیروی کریں (انکی) خواہشات کی
الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا	جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو
وَ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ	اور (نہ) اُن لوگوں کی جو نہیں ایمان رکھتے آخرت پر
ع 18 6 5 — وَ هُمۡ بِرَبِّهِمۡ يَعۡدِلُوۡنَ ﴿150﴾ ع	اور وہ اپنے رب کے ساتھ برابر ٹھہراتے ہیں ۔ ﴿150﴾ ع
قُلۡ تَعَالَوۡا اَتۡلُ	کہہ دیجیے آؤ! میں پڑھتا ہوں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- تَتَّبِعُوۡنَ، تَتَّبِعۡ : اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔
- اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
- الظَّنَّ : بدظن، ظن غالب، سوئے ظن۔
- قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
- الۡبَالِغَةُ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، بلوغت۔
- لَهَدٰىكُمۡ : ہادی، ہدایت۔
- اَجۡمَعِيۡنَ : جمع، جامع، جمیع، جماعت۔
- شُهَدَآءَ، يَشۡهَدُوۡنَ : شاہد، شہادت۔
- هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
- مَعَهُمۡ : مع اہل وعیال، معیت۔
- لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔
- كَذَّبُوۡا : کاذب، کذاب، تکذیب۔
- يَعۡدِلُوۡنَ : عدل، عادل، عدالت۔
- اَتۡلُ : تلاوت، وحی متلو۔

اِنْ تَتَّبِعُوْنَ ❶	اِلَّا الظَّنَّ	وَ اِنْ ❶	اَنْتُمْ	اِلَّا	تَخْرُصُوْنَ (148)
نہیں تم سب پیروی کرتے	مگر گمان کی	اور نہیں	تم	مگر	تم سب اٹکل دوڑاتے ہو

قُلْ	فَلِلّٰهِ	الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ❷ ج	فَلَوْ شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ
کہہ دیجیے	پھر اللہ ہی کے لیے	دلیل کامل ہے	پس اگر وہ چاہتا	(تو) ضرور ہدایت دیتا تمہیں

اَجْمَعِيْنَ ❸ (149)	قُلْ ❹	هَلُمَّ	شُهَدَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	يَشْهَدُوْنَ
سب کو	کہہ دیں	لاؤ	اپنے گواہوں کو	جو	وہ سب گواہی دیں

اَنَّ اللّٰهَ	حَرَّمَ	هٰذَا ج	فَاِنْ	شَهِدُوْا	فَلَا تَشْهَدْ ❺
کہ بیشک اللہ نے	حرام کی ہیں	یہ (چیزیں)	پھر اگر	وہ سب گواہی دیں	تو نہ آپ گواہی دیں

مَعَهُمْ ج	وَ	لَا تَتَّبِعْ ❺	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
اُنکے ساتھ	اور	نہ آپ پیروی کریں	خواہشات کی	اُن لوگوں کی جن	سب نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا	وَالَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ❻	بِالْاٰخِرَةِ ❷	وَهُمْ
ہماری آیات کو	اور (نہ) اُن لوگوں کی جو	نہیں وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	اور وہ

ع 18 6 5

بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ (150)	قُلْ ❹	تَعَالَوْا	اَتْلُ ❼
اپنے رب کیساتھ	وہ سب برابر ٹھہراتے ہیں	کہہ دیجیے	تم سب آؤ !	میں پڑھتا ہوں

ضروری وضاحت

❶ اِنْ کے بعد اسی جملے میں اگر اِلَّا ہو تو اسکا ترجمہ نہیں ہوتا ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❸ اَجْمَعِيْنَ مکمل لفظ کا ترجمہ سب ہے اس لیے يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، پڑھنے میں آسانی کے لیے "وْ" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر جزم ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس فعل میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ❼ اَتْلُ اصل میں اَتْلُوْ تھا وْ گر گئی ہے۔

مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ	جو حرام کیا ہے تمہارے رب نے تم پر
اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا	یہ کہ نہ شریک ٹھہراؤ اس کے ساتھ کسی چیز کو،
وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ	اور والدین کے ساتھ احسان کرو
وَ لَا تَقْتُلُوْۤا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ	اور نہ قتل کرو اپنی اولاد کو مفلسی (کے ڈر) سے
نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَ اِيَّاهُمْ ۚ	ہم (ہی) رزق دیتے ہیں تمہیں اور اُن کو بھی
وَ لَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ	اور مت قریب جاؤ بے حیائی کے (کاموں کے)
مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ ۚ	جو ظاہر ہیں اُن میں سے اور جو چھپی ہیں
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ	اور نہ قتل کرو اس جان کو جسے حرام کیا اللہ نے
اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ	مگر حق کے ساتھ، یہ (سب باتیں)
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿151﴾	اس نے وصیت کی ہے تمہیں اس کی تاکہ تم سمجھ لو۔ ﴿151﴾
وَ لَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ	اور مت قریب جاؤ یتیم کے مال کے
اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ	مگر اس (طریقے) سے جو (کہ) وہ سب سے اچھا ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا : ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت۔	تَقْرَبُوْا : قرب، قریب، قرابت، مقرب۔
عَلَيْكُمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الْفَوَاحِشَ : فحش، فحاشی وعریانی۔
تُشْرِكُوْا : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	ظَهَرَ : ظاہر، ظاہری طور پر، ظہور، مظہر۔
شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔	بَطَنَ : خبث باطن، ظاہر و باطن۔
تَقْتُلُوْۤا : قتل، قاتل، مقتول۔	النَّفْسَ : نفسا نفسی، نفسیات، نظام تنفس۔
مِّنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔	وَصّٰىكُمْ : وصیت، وصیت نامہ۔
نَرْزُقُكُمْ : رزق، رزاق، رازق۔	تَعْقِلُوْنَ : عقل وشعور، عاقل، معقول۔

مَا حَرَّمَ	رَبُّكُمْ	عَلَيْكُمْ	اَلَّا ❶	تُشْرِكُوْا ❷	بِهٖ
جو حرام کیا ہے	تمہارے رب نے	تم پر	یہ کہ نہ	تم سب شریک ٹھہراؤ	اسکے ساتھ

شَيْـًٔا	وَّ بِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا ج	وَ	لَا تَقْتُلُوْٓا ❷
کسی چیز کو	اور والدین کے ساتھ	احسان کیا کرو	اور	مت تم سب قتل کرو

اَوْلَادَكُمْ	مِّنْ اِمْلَاقٍ ط	نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ ❸	وَ اِيَّاهُمْ ❹ ج
اپنی اولاد کو	مفلسی (کے ڈر) سے	ہم ہی رزق دیتے ہیں تمہیں	اور اُن کو (بھی)

وَ	لَا تَقْرَبُوا ❷	الْفَوَاحِشَ	مَا ظَهَرَ	مِنْهَا	وَ مَا	بَطَنَ ج
اور	مت تم سب قریب جاؤ	بے حیائی کے	جو ظاہر ہیں	اُن میں سے	اور جو	چھپی ہیں

وَ	لَا تَقْتُلُوا ❷	النَّفْسَ	الَّتِيْ	حَرَّمَ اللّٰهُ	اِلَّا بِالْحَقِّ ط
اور	مت تم سب قتل کرو	(اس) جان کو	جسے	حرام کیا اللہ نے	مگر حق کے ساتھ

ذٰلِكُمْ ❺	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ❻ (151)	وَ
یہ (سب باتیں)	اس نے وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تا کہ تم سب سمجھ لو	اور

لَا تَقْرَبُوْا ❷	مَالَ الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ هِيَ	اَحْسَنُ ❼
مت تم سب قریب جاؤ	یتیم کے مال کے	مگر	(اس طریقے) سے جو وہ	سب سے اچھا ہو

ضروری وضاحت

❶ اَلَّا اصل میں اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❸ نَحْنُ اور علامت نَ دونوں کا ترجمہ "ہم" ہے، نَحْنُ تاکید کے لیے آیا ہے۔ ❹ اِيَّاهُمْ میں هُمْ الگ لفظ نہیں بلکہ یہ مکمل لفظ ہے
❺ جب ذٰلِكَ سے اشارہ کیا جا رہا ہو اور جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے
البتہ معنی وہی رہتا ہے۔ ❻ كُمْ اور علامت تَ دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❼ یہاں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ	یہاں تک کہ وہ پہنچ جائے اپنی پختگی کو
وَ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَ الْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ	اور تم پورا کرو ماپ اور تول انصاف کے ساتھ
لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا	نہیں ہم تکلیف دیتے کسی نفس کو مگر
وُسْعَهَا ۚ وَ اِذَا قُلْتُمْ	اسکی طاقت کے مطابق اور جب تم بات کرو
فَاعْدِلُوْا وَ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ	تو انصاف کرو اس حال میں (کہ) اگرچہ ہو قرابت والا
وَ بِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ	اور اللہ کے عہد کو پورا کرو، یہ (اللہ نے)
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿152﴾	وصیت کی ہے تمہیں اسکی تاکہ تم نصیحت حاصل کرو ﴿152﴾
وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا	اور بیشک یہ میرا راستہ ہے سیدھا
فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَ لَا تَتَّبِعُوا	تو تم پیروی کرو اسکی، اور مت پیروی کرو
السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ	(اور) راستوں کی، پس الگ کردیں گے تم کو
عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ	اس کے راستے سے، یہ (اللہ نے)
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿153﴾	وصیت کی ہے تمہیں اس کی تاکہ تم بچ جاؤ۔ ﴿153﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
يَبْلُغَ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، بلوغت۔
اَشُدَّهٗ : شدید، شدت، اشد۔
اَوْفُوا : وفا کرنا، ایفائے عہد۔
الْمِيْزَانَ : وزن، میزان، میزان عدل۔
بِالْقِسْطِ : قسط وار، بالاقساط۔
نُكَلِّفُ : مکلّف، تکلیف۔

وُسْعَهَا : وسعت، وسیع وعریض۔
فَاعْدِلُوْا : عدل وانصاف، عادل حکمران، عدالت
تَذَكَّرُوْنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ۔
صِرَاطِيْ : صراط مستقیم، پل صراط۔
فَاتَّبِعُوْهُ : اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔
فَتَفَرَّقَ : فرق، تفریق، تفرقہ، متفرق۔
تَتَّقُوْنَ : تقوٰی، متقی۔

حَتّٰی	یَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ ❶ ج	وَ اَوْفُوا ❷	الْكَيْلَ	وَ الْمِيْزَانَ
یہاں تک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی پختگی کو	اور تم سب پورا کرو	ماپ	اور تول

بِالْقِسْطِ ج	لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا ❸	اِلَّا وُسْعَهَا ج	وَ اِذَا
انصاف کے ساتھ	نہیں ہم تکلیف دیتے	کسی نفس کو	مگر اسکی طاقت کے مطابق	اور جب

قُلْتُمْ	فَاعْدِلُوْا ❷	وَ	لَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰی ج	وَ بِعَهْدِ اللّٰهِ
تم بات کرو	تو تم سب انصاف کرو	اس حال میں کہ	اگرچہ ہو	قرابت والا	اور اللہ کے عہد کو

اَوْفُوْا ❷ ط	ذٰلِكُمْ ❹	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ❺ (152)
تم سب پورا کرو	یہ	وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم سب نصیحت حاصل کرو

وَ اَنَّ	هٰذَا	صِرَاطِیْ	مُسْتَقِيْمًا	فَاتَّبِعُوْهُ ❻ ج	وَ
اور بیشک	یہ	میرا راستہ ہے	سیدھا	تو تم سب پیروی کرو اسکی	اور

لَا تَتَّبِعُوا	السُّبُلَ	فَتَفَرَّقَ ❼	بِكُمْ	عَنْ سَبِيْلِهٖ ط
مت تم سب پیروی کرو	(اور) راستوں کی	پس وہ الگ کردیں گے	تم کو	اسکے اصل راستے سے

ذٰلِكُمْ ❹	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ❺ (153)
یہ	اس نے وصیت کی ہے تمہیں	اس کی	تاکہ تم سب بچ جاؤ

ضروری وضاحت

❶ اَشُدَّ کے شروع میں "أ" لفظ کا حصہ ہے۔ ❷ شروع میں "أ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ جب ذٰلِكَ سے اشارہ کیا جارہا ہو اور جنکے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ اور مذکر ہوں تو یہ ذٰلِكُمْ ہوجاتا ہے، البتہ معنیٰ وہی رہتا ہے۔ ❺ علامت كُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔
❻ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گرجاتا ہے۔ ❼ یہاں تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	پھر ہم نے دی موسیٰ کو کتاب
تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ	(نعمت) پوری کرنے کے لیے اس (شخص) پر جس نے
اَحْسَنَ وَ تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ	نیکی کی اور تفصیل بیان کرنے (کے لیے) ہر چیز کی
وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ	اور ہدایت اور رحمت (کے لیے) تاکہ وہ
بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿154﴾ ع	اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لے آئیں۔ ﴿154﴾ ع — ع 19 4 6
وَ هٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ	اور یہ کتاب ہے ہم نے نازل کیا ہے اسے
مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ	برکت والی ہے پس پیروی کرو اس کی
وَ اتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿155﴾	اور پرہیزگاری اختیار کرو تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ ﴿155﴾
اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ	(ایسا نہ ہو) کہ تم کہو درحقیقت نازل کی گئی ہے کتاب
عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠ وَ اِنْ كُنَّا	دو گروہوں پر ہم سے پہلے اور بیشک تھے ہم
عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿156﴾	اُن کے پڑھنے پڑھانے سے یقیناً بے خبر ﴿156﴾
اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ	یا (یہ) کہو اگر بلاشبہ اُتاری جاتی ہم پر کتاب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْكِتٰبَ : کاتب، کتاب، مکتوب، کتابت۔
تَمَامًا : کام تمام ہونا، ناتمام، تتمہ۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تَفْصِيْلًا : مفصل، تفصیل، تفصیلات۔
رَحْمَةً : رحمت، رحیم، رحمان۔
بِلِقَآءِ : ملاقات۔
يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
هٰذَا : ہذا من فضل ربی، لہٰذا، علی ہذا القیاس۔
اَنْزَلْنٰهُ : نازل، شانِ نزول، منزل من اللہ۔
فَاتَّبِعُوْهُ : اتباع، متبع، تابع فرماں۔
اتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔
تَقُوْلُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
طَآئِفَتَيْنِ : طائفہ منصورہ، ثقافتی طائفہ۔
دِرَاسَتِهِمْ : مدرس، درس وتدریس۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا❶	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	تَمَامًا	عَلَى الَّذِيْٓ
پھر ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب	پوری کرنے کے لیے	(اس) پر جس نے

اَحْسَنَ❷	وَ تَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ شَيْءٍ	وَّ هُدًى	وَّ رَحْمَةً❸
نیکی کی	اور تفصیل (بیان کرنے کے لیے)	ہر چیز کی	اور ہدایت ہے	اور رحمت

ع 19 4 6

لَّعَلَّهُمْ	بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ	يُؤْمِنُوْنَ (154) ع	وَ هٰذَا كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ❶
تاکہ وہ	اپنے رب کی ملاقات پر	وہ سب ایمان لے آئیں	اور یہ کتاب ہے	ہم نے نازل کیا اُسے

مُبٰرَكٌ	فَاتَّبِعُوْهُ❹	وَ اتَّقُوْا	لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ❺ (155)
برکت والی ہے	پس تم سب پیروی کرو اسکی	اور تم سب پرہیزگاری اختیار کرو	تاکہ تم سب رحم کیے جاؤ

اَنْ تَقُوْلُوْٓا	اِنَّمَآ	اُنْزِلَ❻	الْكِتٰبُ	عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ
(یہ نہ ہو) کہ تم سب کہو	درحقیقت	نازل کی گئی ہے	کتاب	دو گروہوں پر

مِنْ قَبْلِنَا	وَ اِنْ❼	كُنَّا	عَنْ دِرَاسَتِهِمْ	لَغٰفِلِيْنَ (156) لا
ہم سے پہلے	اور بیشک	تھے ہم	اُن کے پڑھنے پڑھانے سے	یقیناً سب بے خبر

اَوْ	تَقُوْلُوْا	لَوْ	اَنَّآ	اُنْزِلَ❻	عَلَيْنَا	الْكِتٰبُ
یا	تم سب (یہ) کہو	اگر	بلاشبہ ہم (کہ)	اُتاری گئی (ہوتی)	ہم پر	کتاب

ضروری وضاحت

❶ فعل کے ساتھ نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❸ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ❺ کُمْ اور علامت تَ دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔ ❻ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں "کیا گیا" کا مفہوم ہے۔ ❼ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے شد کو ختم کرکے جزم دی گئی ہے، اس لیے ترجمہ بیشک کیا گیا ہے۔

لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ج	یقیناً ہم ہوتے زیادہ ہدایت یافتہ ان سے
فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ	پس یقیناً آچکی تمہارے پاس روشن دلیل
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ ج	تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت،
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ	پس کون ہے زیادہ ظالم اس سے جو جھٹلائے
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ صَدَفَ عَنْهَا ط	اللہ کی آیتوں کو اور اعراض کرے اُن سے
سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ	عنقریب ہم سزا دیں گے اُن کو جو اعراض کرتے ہیں
عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ	ہماری آیات سے برے عذاب کی
بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ (157)	اس وجہ سے جو تھے وہ اعراض کرتے۔ (157)
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ	نہیں وہ انتظار کر رہے مگر یہ کہ آئیں ان کے پاس
الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ	فرشتے یا آئے آپ کا رب
اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ط	یا آئے آپ کے رب کی کوئی نشانی
يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ	جس دن آئے گی آپ کے رب کی کوئی نشانی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَهْدٰى : ہادی، ہدایت، ہدایات۔
مِنْهُمْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔
بَيِّنَةٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
رَحْمَةٌ : رحمت، رحیم، رحمان۔
اَظْلَمُ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
كَذَّبَ : کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔
سَنَجْزِى : جزا وسزا، جزائے خیر، جزاک اللہ۔

سُوْٓءَ : علمائے سوء، سوئے ظن۔
يَنْظُرُوْنَ : نظر، نظارہ، انتظار، منتظر۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : ملائکہ، ملک الموت۔
بَعْضُ : بعض اوقات، بعض واقعات۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
اٰيٰتِ : قرآنی آیت، آیاتِ بینات۔
رَبِّكَ : رب کائنات، رب العالمین، ربوبیت۔

لَكُنَّآ	اَهْدٰى ❶	مِنْهُمْ ج	فَقَدْ	جَآءَكُمْ	بَيِّنَةٌ ❷
یقیناً ہم ہوتے	زیادہ ہدایت یافتہ	ان سے	پس یقیناً	آ چکی تمہارے پاس	روشن دلیل

مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ هُدًى	وَّ رَحْمَةٌ ج ❷	فَمَنْ	اَظْلَمُ ❶
تمہارے رب کی طرف سے	اور ہدایت	اور رحمت	پس کون ہے	زیادہ ظالم

مِمَّنْ ❸	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❷	وَ صَدَفَ	عَنْهَا ط	سَنَجْزِى
اس سے جو	جھٹلائے	اللہ کی آیتوں کو	اور اعراض کرے	اُن سے	عنقریب ہم سزا دیں گے

الَّذِيْنَ	يَصْدِفُوْنَ	عَنْ اٰيٰتِنَا	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ
اُن لوگوں کو جو	وہ سب اعراض کرتے ہیں	ہماری آیات سے	بُرے	عذاب کی

بِمَا	كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ❹ (157)	هَلْ ❺	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ اَنْ
اس وجہ سے جو	تھے وہ سب اعراض کرتے	نہیں	وہ سب انتظار کر رہے	مگر یہ کہ

تَاْتِيَهُمُ ❻	الْمَلٰٓئِكَةُ ❼	اَوْ يَاْتِىَ ❽	رَبُّكَ	اَوْ يَاْتِىَ ❽	بَعْضُ
آئیں ان کے پاس	فرشتے	یا آئے	آپ کا رب	یا آئیں	بعض

اٰيٰتِ ❷	رَبِّكَ ط	يَوْمَ	يَاْتِىْ ❽	بَعْضُ	اٰيٰتِ ❷	رَبِّكَ
نشانیاں	آپ کے رب کی	جس دن	آئیں گی	بعض	نشانیاں	آپ کے رب کی

ضروری وضاحت

❶ یہاں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❷ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔
❸ مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔ ❹ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❺ هَلْ کے بعد اگر اسی جملے میں لفظ اِلَّا آ رہا ہو تو هَلْ کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❻ تـ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ ة واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع مذکر کے لیے ہے۔ ❽ یہاں علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا	(تو) نہ نفع دے گا کسی نفس کو اس کا ایمان (لانا)
لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ	(کہ) نہیں تھا وہ ایمان لایا اس سے پہلے
اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ	یا (نہیں) کمائی اس نے اپنے ایمان میں کوئی بھلائی
قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا	کہہ دیجیے تم انتظار کرو یقیناً ہم (بھی)
مُنْتَظِرُوْنَ ﴿158﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ	انتظار کرنیوالے ہیں۔ ﴿158﴾ بیشک وہ لوگ جنہوں نے
فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِيَعًا	ٹکڑے ٹکڑے کرلیا اپنے دین کو اور وہ ہوگئے گروہ گروہ
لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ	نہیں ہیں آپ اُن سے کسی چیز میں
اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ	درحقیقت اُن کا معاملہ اللہ کی طرف ہے، پھر
يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿159﴾	وہ خبر دے گا انہیں (اس بات) کی جو وہ کرتے تھے۔ ﴿159﴾
مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ	جو آئے گا ایک نیکی کے ساتھ تو اس کے لیے
عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَ مَنْ جَآءَ	اس کی مثل دس (نیکیاں) ہیں، اور جو آئے گا
بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا	برائی کے ساتھ تو نہیں وہ بدلہ دیا جائے گا مگر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَنْفَعُ	نفع ونقصان، منفعت، منافع۔	شِيَعًا	شیعہ وسنی، شیعان علی۔
اٰمَنَتْ	امن، ایمان، مؤمن۔	شَيْءٍ	شے، اشیاء، اشیائے ضرورت۔
كَسَبَتْ	کسب حلال، کسبی لوگ۔	يُنَبِّئُهُمْ	نبی، انبیاء۔
خَيْرًا	خیر وعافیت، خیریت۔	يَفْعَلُوْنَ	فعل، فاعل، مفعول۔
قُلِ	قول، اقوال، مقولہ۔	اَمْثَالِهَا	مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
انْتَظِرُوْٓا	انتظار، منتظر۔	بِالسَّيِّئَةِ	علمائے سوء اعمال سیّئہ۔
فَرَّقُوْا	فرق، تفریق، متفرق، تفرقہ۔	يُجْزٰٓى	جزائے خیر، جزا وسزا۔

لَا يَنْفَعُ ❶	نَفْسًا ❷	اِيْمَانُهَا	لَمْ تَكُنْ ❸	اٰمَنَتْ ❸
(تو) نہ نفع دے گا	کسی جان کو	اس کا ایمان (لانا)	(کہ) نہیں تھی	وہ ایمان لائی

مِنْ قَبْلُ	اَوْ كَسَبَتْ ❸	فِيْٓ اِيْمَانِهَا	خَيْرًا ❷ ط	قُلِ
اس سے پہلے	یا (نہیں) کمائی اس نے	اپنے ایمان میں	کوئی بھلائی	کہہ دیجیے

انْتَظِرُوْٓا ❹	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ (158)	اِنَّ الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا
تم سب انتظار کرو	یقیناً ہم	سب انتظار کرنیوالے ہیں	بیشک وہ لوگ جن	سب نے ٹکڑے ٹکڑے کرلیا

دِيْنَهُمْ	وَ كَانُوْا	شِيَعًا	لَّسْتَ	مِنْهُمْ	فِيْ شَيْءٍ ❷ ط
اپنے دین کو	اور وہ سب ہوگئے	گروہ گروہ	نہیں ہیں آپ	اُن میں سے	کسی چیز میں

اِنَّمَآ ❺	اَمْرُهُمْ	اِلَى اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا
درحقیقت	اُن کا معاملہ	اللہ کی طرف ہے	پھر	وہ خبر دے گا انہیں	(اس بات) کی جو

كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ❻ (159)	مَنْ جَآءَ	بِالْحَسَنَةِ ❸	فَلَهٗ	عَشْرُ
تھے وہ سب کرتے	جو آئے گا	ایک نیکی کے ساتھ	تو اس کے لیے	دس (گنا)

اَمْثَالِهَا ج	وَمَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ ❸	فَلَا	يُجْزٰٓى ❼	اِلَّا
اس کی مثل ہیں	اور جو	آئے گا	برائی کے ساتھ	تو نہیں	وہ بدلہ دیا جائے گا	مگر

ضروری وضاحت

❶ یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت (تنوین) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔ ❸ ت، تْ، ۃ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ شروع میں "اُ" اور آخر میں وْا ہوتو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ اِنَّ کے ساتھ اگر مَا لگ جائے تو تاکید میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ ❻ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِثْلَهَا وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿160﴾	اس کی مثل اور وہ ظلم نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿160﴾
قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ	کہہ دیں بیشک میں (ہوں کہ) ہدایت دی ہے مجھے
رَبِّیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ	میرے رب نے سیدھے راستے کی طرف
دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ	دین صحیح کی (جو) طریقہ ہے ابراہیم کا (اس حال میں کہ وہ)
حَنِیْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿161﴾	ایک طرف کے تھے، اور نہیں تھے وہ مشرکوں میں سے ﴿161﴾
قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُكِیْ	کہہ دیجیے بیشک میری نماز اور میری قربانی
وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ	اور میری زندگی اور میری موت (سب کچھ)
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿162﴾	اللہ کے لیے ہے (جو) رب ہے تمام جہانوں کا۔ ﴿162﴾
لَا شَرِیْكَ لَهٗ ۚ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ	کوئی شریک نہیں اس کا اور اسی کا میں حکم دیا گیا ہوں
وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿163﴾	اور میں پہلا مسلمان ہوں۔ ﴿163﴾
قُلْ اَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْغِیْ	کہہ دیجیے کیا اللہ کے علاوہ میں تلاش کروں
رَبًّا وَّ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ ؕ	کوئی (اور) رب، حالانکہ وہ رب ہے ہر چیز کا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِثْلَهَا : مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔

يُظْلَمُوْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔

هَدٰىنِیْ : ہادی، ہدایت، مہدی۔

صِرَاطٍ : صراط مستقیم، پل صراط۔

حَنِیْفًا : دینِ حنیف۔

مِنَ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔

الْمُشْرِكِیْنَ : شرک، مشرک، شریک۔

صَلَاتِیْ : صوم وصلوٰۃ کا پابند، نظامِ صلوٰۃ۔

مَحْیَایَ : حیاتی ومماتی، حیات بعد الموت۔

مَمَاتِیْ : موت، اموات، میت۔

الْعٰلَمِیْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔

اُمِرْتُ : امر، آمریت، آمرانہ نظام۔

اَوَّلُ : اول انعام، اول نمبر۔

الْمُسْلِمِیْنَ : اسلام، مسلم، تسلیم۔

مِثْلَهَا	وَ	هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ❶❷ (160)	قُلْ ❸	اِنَّنِيْ
اسکی مثل	اور	نہیں وہ سب ظلم کیے جائیں گے	کہہ دیں	بیشک میں (ہوں کہ)

هَدٰىنِيْ ❹	رَبِّيْ	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ ط	دِيْنًا قِيَمًا
ہدایت دی ہے مجھے	میرے رب نے	سیدھے راستے کی طرف	دین صحیح کی

مِّلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا ج	وَمَا	كَانَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (161)
(جو) طریقہ ہے	ابراہیم کا	(جوکہ) یکسو تھے	اور نہیں	تھے وہ	مشرکوں میں سے

قُلْ ❸	اِنَّ	صَلَاتِيْ	وَ نُسُكِيْ	وَ مَحْيَايَ	وَ مَمَاتِيْ
کہہ دیجیے	بیشک	میری نماز	اور میری قربانی	اور میری زندگی	اور میری موت

لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ لا (162)	لَا شَرِيْكَ ❺	لَهٗ ج	وَبِذٰلِكَ
اللہ کے لیے ہے	(جو) رب ہے	تمام جہانوں کا	کوئی شریک نہیں	اس کا	اور اسی کا

اُمِرْتُ ❻	وَ اَنَا	اَوَّلُ	الْمُسْلِمِيْنَ (163)	قُلْ ❸	اَ
میں حکم دیا گیا ہوں	اور میں	پہلا (ہوں)	تمام فرمانبرداروں (سے)	کہہ دیجیے	کیا

غَيْرَ اللّٰهِ	اَبْغِيْ	رَبًّا ❼	وَّ هُوَ	رَبُّ	كُلِّ شَيْءٍ ط
اللہ کے علاوہ	میں تلاش کروں	کوئی (اور) رب	حالانکہ وہ	رب ہے	ہر چیز کا

ضروری وضاحت

❶ علامت هُمْ اور یہ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❷ علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔ ❸ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے یہاں "و" کو گرا دیا گیا ہے۔ ❹ اگر فعل کے آخر میں نی لگائی ہو تو اسکے اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ❺ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ❻ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

وَ لَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ	اور نہیں کماتی ہر جان (گناہ) مگر اسی پر ہے (اسکا وبال)
وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ	اور نہیں اٹھائیگی کوئی بوجھ اٹھانے والی
وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ	کسی دوسری (جان) کا بوجھ
ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ	پھر تمہارے رب کی طرف ہی تمہارا لوٹ کر جانا ہے
فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا	تو وہ خبر دے گا تمہیں اس کی جو
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿164﴾	تھے تم اس میں اختلاف کرتے۔ ﴿164﴾
وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ	اور وہی ہے جس نے بنایا تمہیں جانشین زمین کا
وَ رَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ	اور بلند کر دیا تم میں سے بعض کو بعض پر
دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ	درجوں میں، تا کہ وہ آزمائے تمہیں
فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ۭ	اُن (نعمتوں) میں جو اس نے دیں تمہیں
اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ	بیشک تیرا رب بہت جلد سزا دینے والا ہے
وَ اِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿165﴾ ع 20/11/7 النصف	اور بیشک وہ یقیناً بخشنے والا، بہت مہربان ہے۔ ﴿165﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔

تَكْسِبُ : کسبِ حلال، کسبی لوگ۔

اِلٰى : الداعی الٰی الخیر، رجوع الی اللہ۔

مَّرْجِعُكُمْ : رجوع، مراجعت، رِجعت پسند۔

فَيُنَبِّئُكُمْ : نبی، انبیاء۔

فِيْهِ : فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔

تَخْتَلِفُوْنَ : اختلاف، مختلف، اختلافات۔

خَلٰٓئِفَ : خلیفہ، خلافت، خلف الرشید۔

الْاَرْضِ : ارض وسما، کرۂ ارض، قطعۂ اراضی۔

رَفَعَ : رفعت، سطح مرتفع، مرفوع القلم۔

فَوْقَ : مافوق الفطرت، فوقیت، فائق۔

لِّيَبْلُوَكُمْ : ابتلا، مبتلا، بلا۔

سَرِيْعُ : سریع الحرکت، سرعت۔

الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔

وَ لَا	تَكْسِبُ ❶	كُلُّ نَفْسٍ	اِلَّا عَلَيْهَا ج	وَ لَا
اور نہیں	کماتی	ہر جان (گناہ)	مگر اسی پر ہے (اسکا وبال)	اور نہیں

تَزِرُ ❶	وَازِرَةٌ ❷❸	وِّزْرَ	اُخْرٰى ❷ ج	ثُمَّ	اِلٰى رَبِّكُمْ ❹
اٹھائیگی	کوئی بوجھ اٹھانے والی	بوجھ	(کسی) دوسری کا	پھر	تمہارے رب کی طرف

مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ ❹	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ
تمہارا لوٹ کر جانا ہے	تو وہ خبر دے گا تمہیں	(اس) کی جو	تھے تم	اس میں

تَخْتَلِفُوْنَ (164)	وَ هُوَ	الَّذِىْ	جَعَلَكُمْ ❹	خَلٰٓئِفَ ❺
تم سب اختلاف کرتے	اور وہی ہے	جس نے	بنایا تمہیں	جانشین

الْاَرْضِ	وَ رَفَعَ	بَعْضَكُمْ ❹	فَوْقَ بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ ❻
زمین کا	اور بلند کر دیا	تمہارے بعض کو	بعض پر	درجوں میں

لِّيَبْلُوَكُمْ ❹	فِىْ	مَآ	اٰتٰكُمْ ❹ ط	اِنَّ رَبَّكَ
تا کہ وہ آزمائے تمہیں	(اُن نعمتوں) میں	جو	اس نے دیں تمہیں	بیشک تیرا رب

سَرِيْعُ	الْعِقَابِ قف وقفة	وَ اِنَّهٗ	لَغَفُوْرٌ ❼	رَّحِيْمٌ ❼ ع (165)
بہت جلد	سزا (دینے) والا ہے	اور بیشک وہ	یقیناً بہت بخشنے والا	بڑا مہربان ہے

النصف ع 20 11 7

ضروری وضاحت

❶ تَ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❷ ةٌ اور ىٰ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ كُمْ اگر اسم کے ساتھ ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے کیا جاتا ہے اور اگر فعل کے ساتھ ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❺ خَلٰٓئِفَ خَلِيْفَةٌ کی جمع ہے۔ ❻ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 206 — 7 سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ 39 — رُكُوْعَاتُهَا 24

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓمّٓصٓ ﴿1﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ	الٓمّٓصٓ ﴿1﴾ (یہ) ایک کتاب ہے (جو) نازل کی گئی
اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ	آپ کی طرف تو نہ ہو آپ کے سینے میں
حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ	کوئی تنگی اس سے، تاکہ آپ ڈرائیں اسکے ذریعے
وَ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾	اور نصیحت ہے مومنوں کے لیے۔ ﴿2﴾
اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ	تم پیروی کرو اسکی جو نازل کیا گیا ہے تمہاری طرف
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوْا	تمہارے رب کی طرف سے اور نہ پیروی کرو
مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ	اس کے علاوہ (اور) دوستوں کی
قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿3﴾	بہت ہی کم تم نصیحت حاصل کرتے ہو۔ ﴿3﴾
وَ كَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا	اور کتنی ہی بستیاں ہیں (کہ) ہم نے ہلاک کردیا انہیں
فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا	تو آیا اُن پر ہمارا عذاب راتوں رات

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اُنْزِلَ : نازل، شانِ نزول، منزل من اللہ۔

اِلَيْكَ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ۔

فَلَا : لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔

صَدْرِكَ : شرح صدر، واقعہ شق صدر۔

حَرَجٌ : کوئی حرج نہیں (تنگی)۔

ذِكْرٰى، تَذَكَّرُوْنَ : ذکر اذکار، مذکور۔

لِلْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔

اِتَّبِعُوْا، تَتَّبِعُوْا : اتباع، متبع سنت، تابع فرماں۔

مَآ : ماتحت، ماحول، مافوق الفطرت۔

مِنْ : منجانب، من جملہ، من وعن۔

اَوْلِيَآءَ : ولی، ولایت، اولیائے کرام۔

قَلِيْلًا : قلیل مدت، قلیل المیعاد، قلت۔

قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی۔

اَهْلَكْنٰهَا : ہلاک، مہلک، ہلاکت۔

رُكُوْعَاتُهَا 24 — 7 سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ 39 — اٰيَاتُهَا 206

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓمّٓصٓ ﴿1﴾	كِتٰبٌ	اُنْزِلَ ❶	اِلَيْكَ	فَلَا	يَكُنْ ❷
الٓمّٓصٓ	(یہ) کتاب ہے	(جو) نازل کی گئی	آپکی طرف	تو نہ	ہو

فِيْ صَدْرِكَ	حَرَجٌ ❸	مِّنْهُ	لِتُنْذِرَ ❹	بِهٖ	وَ
آپکے سینے میں	کوئی تنگی	اس سے	تاکہ آپ ڈرائیں	اسکے ذریعے	اور

ذِكْرٰى ❺	لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾	اِتَّبِعُوْا ❻	مَآ	اُنْزِلَ ❶	اِلَيْكُمْ
نصیحت ہے	مومنوں کے لیے	تم سب پیروی کرو	(اسکی) جو	نازل کیا گیا ہے	تمہاری طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ	لَا تَتَّبِعُوْا ❼	مِنْ دُوْنِهٖٓ ❽	اَوْلِيَآءَ ؕ
تمہارے رب کی طرف سے	اور	مت تم سب پیروی کرو	اسکے علاوہ	(اور) دوستوں کی

قَلِيْلًا مَّا ❽	تَذَكَّرُوْنَ ﴿3﴾	وَكَمْ	مِّنْ قَرْيَةٍ ❽
بہت ہی کم	تم سب نصیحت حاصل کرتے ہو	اور کتنی (ہی)	بستیاں ہیں

اَهْلَكْنٰهَا	فَجَآءَهَا	بَاْسُنَا	بَيَاتًا
ہم نے ہلاک کردیا انہیں	تو آیا اُن پر	ہمارا عذاب	راتوں رات

ضروری وضاحت

❶ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❷ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ "لِ" اگر فعل کے شروع میں ہو تو ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❺ ذِكْرٰى میں ـٰى واحد مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ شروع میں "اِ" اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ لَا کے بعد فعل کے آخر میں اگر وْا ہو تو اس فعل میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❽ یہاں مَا اور مِنْ دونوں زائد ہیں مَا میں تاکید ہے۔

اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿4﴾	یا (جب) وہ دوپہر کو آرام کرنے والے تھے۔ ﴿4﴾
فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ	پھر نہ تھی ان کی پکار جب آیا انکے پاس ہمارا عذاب
اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿5﴾	مگر یہ کہ انہوں نے کہا بیشک ہم ہی ظالم تھے۔ ﴿5﴾
فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ	تو ضرور ہم پوچھیں گے ان لوگوں سے (کہ) بھیجے گئے
اِلَيْهِمْ وَ لَنَسْـَٔلَنَّ	انکی طرف (رسول) اور ضرور ہم پوچھیں گے
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿6﴾ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ	رسولوں سے (بھی) ﴿6﴾ پھر ضرور ہم بیان کریں گے ان پر
بِعِلْمٍ وَّ مَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿7﴾	علم کے ساتھ اور نہیں تھے ہم غائب۔ ﴿7﴾
وَ الْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ	اور وزن اس دن برحق ہے
فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ	پھر جو (شخص کہ) بھاری ہوگئے اسکے (اعمال کے) پلڑے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿8﴾	تو وہی لوگ ہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ ﴿8﴾
وَ مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ	اور جو (شخص کہ) ہلکے ہوگئے اس کے پلڑے
فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا	تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے خسارے میں ڈالا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَآئِلُوْنَ : قیلولہ کرنا (دوپہر کو تھوڑی دیر کے لیے سونا)
دَعْوٰىهُمْ : دعوٰی، مدعی۔
ظٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔
فَلَنَسْـَٔلَنَّ : سوال، سائل، مسئول۔
اُرْسِلَ : مرسل، ارسال، رسول، رسالت۔
فَلَنَقُصَّنَّ : قصہ گوئی، قصہ کہانی۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِعِلْمٍ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
غَآئِبِيْنَ : غیب، غائب۔
الْوَزْنُ، مَوَازِيْنُهٗ : وزن، اوزان، میزان۔
يَوْمَئِذٍ : یوم، ایام، یوم آزادی، یوم پاکستان۔
ثَقُلَتْ : کشش ثقل، ثقیل (بھاری)۔
الْمُفْلِحُوْنَ : فوز وفلاح، فلاحی کام، فلاحی ادارے۔
خَفَّتْ : خفیف، تخفیف، مخفف۔

اَوْ هُمْ	قَآئِلُوْنَ❶ (4)	فَمَا	كَانَ	دَعْوٰىهُمْ	اِذْ
یا (جب) وہ	سب دوپہر کو آرام کرنیوالے تھے	پھر نہ	تھی	ان کی پکار	جب

جَآءَهُمْ	بَاْسُنَآ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اِنَّا كُنَّا❷❸
آیا انکے پاس	ہمارا عذاب	مگر	یہ کہ	اُن سب نے کہا	بیشک ہم تھے

ظٰلِمِيْنَ (5)	فَلَنَسْئَلَنَّ❹	الَّذِيْنَ	اُرْسِلَ	اِلَيْهِمْ
سب ظالم	توالبتہ ضرور ہم پوچھیں گے	ان لوگوں سے جو	بھیجے گئے	انکی طرف (رسول)

وَلَنَسْئَلَنَّ❹	الْمُرْسَلِيْنَ (6)	فَلَنَقُصَّنَّ❹	عَلَيْهِمْ
اورالبتہ ضرور ہم پوچھیں گے	سب رسولوں سے (بھی)	پھر البتہ ضرور ہم بیان کریں گے	ان پر

بِعِلْمٍ	وَّمَا	كُنَّا	غَآئِبِيْنَ (7)	وَالْوَزْنُ	يَوْمَئِذِ	الْحَقُّ ج
علم کے ساتھ	اور نہیں	تھے ہم	سب غائب	اور وزن	اس دن	برحق ہے

فَمَنْ	ثَقُلَتْ❺	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ❻❼ (8)
پھر جو	(کہ) بھاری ہوگئے	اسکے پلڑے	تو وہی لوگ	ہی سب کامیاب ہونے والے ہیں

وَمَنْ	خَفَّتْ❺	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
اور جو	ہلکے ہوگئے	اس کے پلڑے	تو وہی لوگ ہیں	جن	سب نے خسارے میں ڈالا

ضروری وضاحت

❶اس سے مراد ” قیلولہ کرنے والے“ ہیں۔❷ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔❸ اِنَّا میں نَا اور کُنَّا میں نَا دونوں کا ترجمہ ”ہم“ ہے۔❹”لَ“ اور نَّ دونوں تاکید کے لیے ہیں۔❺ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔❻ هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید پیدا ہوجاتی ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔❼ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں ”کرنے والے“ کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَنۡفُسَهُمۡ بِمَا كَانُوۡا	اپنے نفسوں کو اس وجہ سے جو تھے وہ
بِاٰيٰتِنَا يَظۡلِمُوۡنَ ﴿9﴾	ہماری آیتوں کے ساتھ بے انصافی کرتے۔ ﴿9﴾
وَ لَقَدۡ مَكَّنّٰكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ	اور بلاشبہ ہم نے ٹھکانا دیا تمہیں زمین میں
وَ جَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيۡهَا مَعَايِشَ ؕ	اور ہم نے بنائے تمہارے لیے اس میں زندگی کے سامان
ع 1 10 8 قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ﴿10﴾	بہت ہی کم تم شکر کرتے ہو۔ ﴿10﴾
وَ لَقَدۡ خَلَقۡنٰكُمۡ	اور بلاشبہ ہم نے پیدا کیا تمہیں
ثُمَّ صَوَّرۡنٰكُمۡ	پھر ہم نے شکلیں بنائیں تمہاری
ثُمَّ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ ۖ	پھر ہم نے کہا فرشتوں سے (کہ) سجدہ کرو آدم کو
فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ	تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے
لَمۡ يَكُنۡ مِّنَ السّٰجِدِيۡنَ ﴿11﴾	نہ ہوا وہ سجدہ کرنے والوں میں سے۔ ﴿11﴾
قَالَ مَا مَنَعَكَ	کہا (اللہ نے) کس (چیز) نے روکا تجھے
اَلَّا تَسۡجُدَ اِذۡ اَمَرۡتُكَ ؕ	کہ نہ تو سجدہ کرے جبکہ میں نے حکم دیا تجھے؟

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنۡفُسَهُمۡ : نفسانفسی، نفسیات، نظام تنفس۔	خَلَقۡنٰكُمۡ : خلق، مخلوق، خلقت۔
يَظۡلِمُوۡنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	صَوَّرۡنٰكُمۡ : شکل وصورت، مصوّر، تصویر۔
مَكَّنّٰكُمۡ : مکین، مکان۔	قُلۡنَا، قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
فِيۡهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	اسۡجُدُوۡا : ساجد، مسجود، مسجد، سجدہ۔
مَعَايِشَ : معاش، معیشت، معاشی ترقی۔	اِلَّاۤ : الاقلیل، الا ماشاءاللہ، الا یہ کہ۔
قَلِيۡلًا : قلیل وقت، قلیل مدت، قلت۔	مَنَعَكَ : منع، مانع، ممنوع، ممنوعہ علاقہ۔
تَشۡكُرُوۡنَ : شکر، شکریہ، شکرانہ، اظہار تشکر۔	اَمَرۡتُكَ : امر، آمر، آمریت۔

اَنْفُسَهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَظْلِمُوْنَ ﴿9﴾
اپنے نفسوں کو	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب	ہماری آیتوں کے ساتھ	وہ سب بے انصافی کرتے

وَ	لَقَدْ ❶	مَكَّنّٰكُمْ ❷	فِي الْاَرْضِ	وَ	جَعَلْنَا
اور	البتہ تحقیق	ہم نے ٹھکانہ دیا تمہیں	زمین میں	اور	ہم نے بنائے

ع 1 10 8

لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ ؕ	قَلِيْلًا مَّا ❸	تَشْكُرُوْنَ ﴿10﴾
تمہارے لیے	اس میں	زندگی کے سامان	بہت ہی کم	تم سب شکر کرتے ہو

وَ	لَقَدْ ❶	خَلَقْنٰكُمْ ❷	ثُمَّ	صَوَّرْنٰكُمْ	ثُمَّ
اور	البتہ تحقیق	ہم نے پیدا کیا تمہیں	پھر	ہم نے شکلیں بنائیں تمہاری	پھر

قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ ❹	اسْجُدُوْا ❺	لِاٰدَمَ ۖ	فَسَجَدُوْٓا
ہم نے کہا	فرشتوں سے (کہ)	تم سب سجدہ کرو	آدم کو	تو ان سب نے سجدہ کیا

